۳۔ ناشر شاہنامہ فردوسی۔

(۱) فیروز ۱۱۲۷ یزدگردی میں بروچ میں پیدا ہوئے۔ ۸ سال کے تھے کہ ان کے والد ملّا کاؤس اپنے گھر والوں کے ساتھ ہجرت کر کے سورت آ گئے اور ۲ سالہ فیروز کو ساتھ لے کر ایران گئے۔ فیروز نے وہاں علوم مذہبی کی تحصیل کی اور "زند و پہلوی و اوستا و فارسی" سیکھی اور "مراتب موبدی" کو اتمام پہ پہنچایا۔ ملّا نے اس کے بعد "نجوم، منطق، فلسفہ، حکمت، الٰہیات و صرف و نحو" کی طرف بھی توجہ کی اور آخر میں بغداد وغیرہ میں سالہا اقامت کے بعد ۱۱۴۹ یزدگردی میں سورت واپس آئے۔ مگر تھوڑے ہی زمانے کے بعد بمبئی میں توطن گزین ہو گئے۔ "حکومت انگلستان" نے چار سو روپے ماہانہ ان کی مدتِ عمر کے لئے ان کے واسطے مقرر کر دیئے تھے۔ ملّا کی وفات بتاریخ ۸ اکتوبر ۱۸۳۰ء واقع ہوئی۔ یہ حالات آقای رشید[1] شہرداں کی کتاب فرزانگان زرتشتی سے ماخوذ ہیں۔

(۲) آذر کیوان کا نسب نامہ دبستان مذاہب میں یوں درج ہے: "آذر کیوان ابن آذر گشسپ ابن آذر زردشت، ابن آذر برزین، ابن آذر خورین، ابن آذر ابین، ابن آذر بہرام ابن آذر نوش، ابن آذر مہتر ابن کہتر آذر ساسان کہ اور انجم ساسان گویند، ابن مہتر آذر ساسان کہ چہارم ساسانش میخوانند ابن کہیں آذر ساسان کہ مشہور بسوم آذر ساسان است۔ ابن... دوم آذر ساسان... ابن... آذر ساسان نخست ابن خرد داراب ابن بزرگ داراب ابن بہمن ابن اسفندیار.."

ڈاکٹر محمد معین صفحہ ۲۳ نے "آذر کیوان و پیروانِ او" (مجلہ دانشکدہ ادبیات شمارہ ۳ سال ۴) میں آذر مہتر کی تصحیح "آذر مہر" سے کی ہے اور لکھا ہے "نام پدران آذر کیوان تا آذر مہر ہمہ نامہای آتشکدہ ہاست کہ در فرہنگ ہای پارسی بعنوان 'ہفت آتشکدہ' یاد شدہ اند و این ہفت آتشکدہ بصورتی کہ نقل کردہ اند وجود خارجی نداشتہ" صفحہ ۲۷۔

واضح رہے کہ اس نسب نامے میں مسلسل ۵ ساسان آئے ہیں۔ آقای محمد معین اس سلسلے میں لکھتے ہیں: "مؤلف دساتیر پنج ساسان را از خود ساختہ است و این امر سوابقی دارد، از جملہ در فارسنامہ ابن البلخی میخوانیم:

"... اردشیر بن بابک[2] بن ساسان بن بابک بن ساسان ابن بابک بن ساسان بن بہمن بن

۱۔ میرے کرمفرما ہیں اور باوجود زردشتی ہونے کے نقشبندی سلسلے میں مرید ہیں۔ ۲۔ فارسنامہ اور مجمل التواریخ والقصص کا بیان ایک نہیں۔

اسفندیار" مؤلف مجمل التواریخ والقصص گوید" بہمن را پسری بود نام وی ساسان چون بہمن پادشاہی دختر را داد، ننگ آمدش ازین کار و بدر جامی رفت ... و از وی پسری ماند ہم ساسان نام بود تا پنجمین پسر ہمچنان ساسان نام می نہادند" یہ صحیح ہے کہ ۵ ساسان پہلے سے کتابوں میں چلے آتے تھے۔ لیکن ان کا تعلق تاریخ سے نہیں، اساطیر سے ہے۔ مزید یہ کہ ان کا مفروضہ زمانہ عہد خسرو پرویز کر بہت پہلے ختم ہوگیا تھا۔ اس عہد میں کوئی گمنام شخص ساسان نام کا ہو تو ہو، لیکن کوئی ایسا شخص جس کا اس زمانے کی کتابوں میں ذکر آیا ہو اور اس عہد کے اہم معاملات سے اس کا سروکار رہا ہو، نہ تھا۔ ڈاکٹر محمد معین کا قول ہے کہ "ناگفتہ خود پیداست کہ این شجرۃ النسب مجعولست، وشاید نام پدر او را صحیح نقل کردہ باشند" ساسانوں سے قطع نظر یہ کب ممکن ہے کہ آذر کیوان اور ساسان پنجم کے درمیان آٹھ ہی پشتیں ہوں۔ دبستان میں جو نسب نامہ ہے، وہ کیسا ہی کیوں نہ ہو، باحتمال قوی خود آذر کیوان اس کا ذمہ دار ہے۔

دبستان میں آذر کیوان کے متعلق مرقوم ہے: ۵ سال کی عمر سے کم خواری اور شب بیداری شروع کی اور ریاضت کے وقت اس کی غذا کا وزن ایک درم رہ گیا تھا۔ ۲۸ برس خم نشین رہا اور اواخر عمر میں ایران سے ہند آیا اور کچھ دن پٹنہ میں مقیم رہ کر ۱۰۲۷ھ میں فوت ہوا۔ ۸۵ سال کی عمر ہوئی۔ ابتدائے سلوک میں حکمائے ہند و ایران و یونان نے خواب میں "اقسام حکمت" اس کے سپرد کئے۔ ایک دن مدرسے گیا جو کچھ پوچھا گیا اس نے اس کا جواب دیا۔ لوگ 'ذوالعلوم' کہنے لگے۔ پیمبر صاحب نے ایک سید صوفی کو ہدایت کی کہ آذر کیوان کو برا نہ کہو، وہ ایک خدا رسیدہ شخص ہے۔ اس کا مرید یہ سُن کر کہ پیمبر صاحب آذر کیوان کے مداح ہیں اس سے ملنے گیا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ حال ہی میں اسطخر سے آیا ہے۔ آذر کیوان کو یہ سب معاملہ پہلے ہی معلوم تھا۔ وہ گوشت کھانے اور جاندار کو مارنے اور آزار دینے سے مانع تھا۔ اس کا دعویٰ تھا کہ اس کی روح اس کے جسم سے جب چاہتی ہے باہر نکل آتی ہے۔ اس نے اپنے بعض مشاہدات کو منظوم کیا ہے:

چو ز ابد اہاسا[1] بر گذشتم روان   رسیدم سوی جای پاک فرخ روان

۱- دبستان (نول کشور ۱۸۸۸ء) میں ابد اہاد (متن) لیکن دراصل ابد اہابیم ہے اور آذر کیوان کی نظم میں اسی طرح ہے۔ اس نظم میں مہابادات کا ذکر ہے۔

اکبر کے زمانے میں آذر کیوان ہندوستان طلب کیا گیا۔ لیکن اس نے عذر کیا اور اپنی کتاب بھیج دی، "در ستایش واجب الوجود و عقول و نفوس و سماوات و کواکب و عناصر و در نصایح بادشاہ مشتمل بر چہاردہ جزو۔ ہر اوّل سطر آں پارسی بحت دری بود و تصحیف آں عربی میشد، چون قلب میکردند ترکی بود، چون تصحیف آں میخواندند ہندی میگشت۔" ابوالفضل کو اعتقاد تمام آذر کیوان سے تھا۔ اس کے دوسرے مسلمان معتقد بھی تھے، از انجملہ ابوالقاسم فندرسکی۔

آذر کیوان کا حال دبستان کے علاوہ چہار چمن[1] میں تھا، لیکن اس کتاب کا چوتھا چمن جس میں یہ تھا نایاب ہے۔ اس بات کا کوئی قابل قبول ثبوت نہیں کہ عہد اکبری میں اس سے ہندوستان آنے کی استدعا کی گئی تھی، یا فندرسکی اس کے معتقد تھے۔ صاحب دبستان یا دوسرے دساتیریوں کی شہادت کا عدم و وجود برابر ہے۔ ۱۴ جز کی ایسی کتاب کہ عربی، فارسی، ترکی، ہندی سب میں پڑھی جا سکے، نہ کبھی لکھی گئی، نہ لکھی جا سکتی ہے۔

ڈاکٹر محمد معین کا قول ہے کہ آذر کیوان اواخر قرن دہم ہجری میں اپنے مریدوں کے ایک گروہ کے ساتھ ہند گیا اور پٹنہ میں مقیم ہوا۔ پٹنہ جا نا مسلّم، لیکن اس کا ثبوت موجود نہیں کہ وہ اواخر قرن مذکور میں ہند آیا تھا۔ آذر کیوان نے بہت سی کتابیں لکھی ہوں گی، لیکن اس نظم کے سوا جس کا ذکر آ چکا ہے کوئی چیز جو خود اس کے نام سے ہو، موجود نہیں۔

اس کا قطعی طور پر ثابت کرنا ممکن نہیں۔ لیکن قرائن قوی اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خود آذر کیوان دساتیر کا مصنف ہے۔ نامۂ ساسان پنجم میں یہ عبارت ملتی ہے:

"در تخمۂ تو پیغمبری ہمیشہ ماند" دساتیر ص ۳۰۲

آذر کیوان کے معتقدین نہ صرف اسے بلکہ اس کے بیٹے کو بھی نبی لکھتے ہیں۔ یہ پیشینگوئی کہ ساسان پنجم کی نسل سے نبی آئندہ بھی ہوتے رہیں گے اس غرض سے تھی کہ دعوے کا موقع مل سکے۔

(۳) فرزانہ بہرام آذر کیوان کے قیام پٹنہ کے زمانہ میں شیراز سے آیا اور ریاضت میں مشغول ہوا۔ پارسی و پہلوی و عربی سے جیسا چاہیے واقف تھا اور منطق و طبیعیات و ریاضیات و الٰہیات سے بخوبی آگاہ۔ چہار چمن میں وہ کہتا ہے "بیاوری حضرت کیوان بملک و ملکوت و جبروت و لاہوت رسیدم و تجلیات آثاری و افعالی و صفاتی و ذاتی وصول یافتم"[2] فرزانہ بہرام تاجر پیشہ تھے۔ لوگوں کا

۱۔ چہار چمن طبع ہو چکی ہے۔ لیکن اس میں چوتھا چمن الحاقی ہے، اصل نایاب ہے۔ میں نے بمبئی اور پونا میں بہتوں سے اس کے متعلق دریافت کیا، کسی کے پاس موجود نہیں پایا گیا۔ ۲۔ ان بزرگوں میں انکساری کی کمی تھی۔

عقیدہ تھے کہ کیمیا گر تھے۔ تجارت اسے چھپانے کی غرض سے تھی۔ بمقام لاہور ۱۰۳۴ھ میں وفات پائی (دبستان ملکا)

(۴) دبستانِ مذاہب کے مصنف نے اپنے حالات تو دیے ہیں لیکن کسی جگہ اپنا نام نہیں لکھا۔ مُلّا فیروز نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ میر ذوالفقار علی اس کے مصنف ہیں۔ مآثر الامرا نے ذوالفقار اردستانی موبد کو اس کا مصنف لکھا ہے۔ یہ قول بھی ہے کہ بہرام بن فرہاد کا پسر آذر کیوان اس کا مصنف ہے۔ میں اس سے متفق ہوں۔ یہ بخوبی ممکن ہے کہ اس نے کبھی اپنے کو میر ذوالفقار علی اور کبھی صرف ذوالفقار کہا ہو۔ موبد تخلّص کے ایک شاعر کا دیوان فارسی کتابخانۂ خدا بخش میں موجود ہے اور اس کتاب خانے کی طرف سے شائع ہوگا۔ میرے نزدیک اس میں شبہے کی بہت کم گنجائش ہے کہ یہ موبد ہی دبستانِ مذاہب کا مصنف ہے خواہ وہ آذر کیوان کا بیٹا ہو یا نہ ہو۔

(۵) برہان قاطع پہلی فرہنگ ہے جس میں خاص دساتیری الفاظ ملتے ہیں۔ لیکن دساتیر کا حوالہ ایک آدھ جگہ ہو تو ہو۔ یہ بھی صحیح نہیں کہ بیشتر دساتیری الفاظ اس میں موجود ہیں۔ اس فرہنگ میں ان لغات کے شمول کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ بعد کی فرہنگوں میں بھی داخل ہوئے اور ان کی خاصی تعداد نظم و نثر فارسی میں ایران و ہند دونوں ممالک میں مستعمل ہونے لگی۔ علی اکبر دہخدا کے لغت نامہ تک میں دساتیری الفاظ مثل آرشش و آرشتی بغیر حوالۂ دساتیر آ گئے ہیں۔ ایرانی شعرا مثل فرصت و ہدایت وغیرہ کے یہاں بھی دساتیری الفاظ ملتے ہیں اور غالب کی دستنبو تو ان سے مملو ہے۔

(۶) یہ بات کہ عہد شاہجہاں تک دساتیر ایک بہت مشہور کتاب تھی غلط محض ہے۔ دساتیر کے بعد سنہ جو کتابیں قرن یازدہم میں لکھی ہیں ان سے اور برہان قاطع سے قطع نظر دساتیر کا نام تک کہیں نہ آیا اور نہ اس کے خاص الفاظ و مطالب کہیں ملتے ہیں۔ اس کی اشاعت کے بعد ہی مستشرقین مغرب نے اس کی مجعولیت کا بالاتفاق اعلان کیا۔ زردشتی البتّہ دو گروہوں میں تقسیم ہو گئے۔ ایک گروہ اس کی اصلیت کا قائل تھا اور دوسرا اسے جعلی قرار دیتا تھا۔ بالآخر اورنٹیل کانگریس کے اجلاس بمبئی میں شہریار جی دادا بھائی بروچا نے اپنا مقالہ اس کے خلاف پڑھا اور اس کے بعد سے شاید ہی کوئی زردشتی ہو جو اس کی اصلیت کا قائل ہو۔ ان کے مقالے کا ایک اقتباس آقای شہمردان کے الفاظ میں یہ ہے :-

"پس از مطالعات دقیق دساتیر باین نتیجہ میرسم کہ این کتاب بہیچ وجہ نمیتوان جز و کتاب مذہبی مزدیسنا بشمار آورد، زیرا مندرجاتش نہ با مندرجات اوستا برابر است و نہ با مندرجات کتب پہلوی دورۂ ساسانیان و یقیناً محصول دورہ اخیر می باشد۔ ہر چند تعلیمات این کتاب با تعالیم ... زرتشت نیز

شباہت ندارد، بلکہ تعلیمات ہنود، بودا و مذہب افلاطونی متمایل است۔ چنانچہ خوردن گوشت حرام و ریاضت و زہد و فاقہ کشی و تجرد و ترک دنیا را موعظہ مینماید۔ دساتیر از نقطۂ نظر تقویم و اساطیر تاریخ و کتب مذہبی مزدیسنا مغائرت تامّی دارد و زبان آسمانی آن تحریفی است از السنہ پہلوی پارسی و ...

(۷) زردشتیوں کے کتب مقدس میں زردشت سے قبل کے پیمبروں کی طرف اشارہ ہو، لیکن کسی کو ابر بعث پیمبر بتایا اور نہ یہ زردشتی عقیدہ ہے کہ زردشت کے بعد کوئی نبی آئیگا۔ زردشتی مذہب میں زردشت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے اور دساتیری پیمبروں میں اسے کوئی خاص اہمیت حاصل نہیں۔ زردشتی و دساتیری عقاید بھی مختلف ہیں۔ پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ زردشتیوں کے ایک گروہ نے اسے اپنی کتاب مقدس تسلیم کیا؟ اس کا راز اسکی فرضی قدامت میں مخفی ہے جس پر سر ولیم جونس نے بہت زور دیا تھا۔

دساتیر کے مطابق آبادیوں کی حکومت (اسکے بعد جی افرامی وغیرہ آئے) "سوزاد" سال رہا اور ... سال ۳۰ ہزار جہانسنگ برس ہوتا ہے (دساتیر ص۵۶)۔ کس طرح ممکن تھا کہ ملا فیروز وغیرہ دنیا کی قدیم ترین کتاب کے مصنف ہونے کے فخر سے زردشتیوں کو محروم کر دیتے۔ رہے دساتیری اور زردشتی عقائد کے احکام کے اختلافات تو صاحب دبستان نے اس کے باوجود دساتیر کو قبول کرنے کے لیے زمین ہموار کر دی تھی۔ دساتیری فن تاویل میں بڑی مہارت رکھتے تھے۔ لفظوں کے الٹ پھیر سے وہ کوئی دعویٰ ایسا نہیں جسے ثابت نہ کر سکتے ہوں جو دبستان میں ہے۔ آبادی کہتے ہیں کہ زردشت کا مدار رمز و اشارات پر ہے۔ حقیقت کو صرف خواص سمجھ سکتے ہیں۔ عوام سے ایسی باتیں کہنی چاہئیں جو ان کے فہم کے ماورا نہ ہوں۔ یعنی آبادیوں کا قول ہے کہ زند دو قسم کی تھی۔ ایک صحیح اور بے رمز جسے مہ زند کہتے تھے اور دوسری مرموز جسے صرف زند کہتے ہیں۔ پہلی نامۂ آباد کے مطابق تھی۔ لیکن تسلط بیگانگاں مثل ترکان و رومیان کے بعد غائب ہو گئی اور زند کا بھی ایک بڑا حصہ ضائع ہو گیا۔ عہد اشکانی میں زند پر عمل تھا، لیکن اردشیر ساسان دوم کا مطیع تھا اور مہ زند پر عامل۔ نوشیرواں کے عہد میں بھی اسی پر عمل تھا۔ آبادیوں کا عقیدہ ہے کہ "اگرچہ دین زردشت از گشتاسپ تا یزدگرد رواجی تمام داشت، اما بادشاہان تاویل کردہ آن را با شریعت آذر ہوشنگ یعنی مہ آباد مطابق می ساختند"۔

(۸) آجکل زردشتیوں کے دو گروہ ہیں۔ ایک دساتیر کو عہد اکبری سے قبل کی کتاب نہیں مانتا۔ دوسرا ایک گروہ کہ جعلی ہونے کے باوجود یہ اس قدر جدید نہیں اور واقعی خسرو پرویز کے عہد یا اس کے کچھ بعد کی ہے۔ اس گروہ کے دلائل ...

پروفیسر سید امیر حسن عابدی
دہلی یونیورسٹی

سلمان ساوجی کی کچھ اور غیر مطبوعہ غزلیں

نسخۂ خدا بخش سے جرنل نمبر ۲۱ میں سلمان ساوجی کا غیر مطبوعہ کلام پیش کیا گیا۔

دیوان **سلمان ساوجی** کا ایک بہت عمدہ اور قدیم قلمی نسخہ سالار جنگ میوزیم میں موجود ہے جس کی کتابت ناصر بن بزرجمہر نے محرم ۷۹۱ھ (۱۳۸۹ء) میں، قاہرہ میں تمام کی تھی۔ غالباً یہ سلمان کے کلام کا سب سے قدیم نسخہ ہے، جو ان کی وفات کے تقریباً چودہ سال بعد لکھا گیا۔ اس نسخہ میں قصیدے، غزلیں، قطعے اور رباعیاں دی ہوئی ہیں جبکہ خدا بخش والے نسخہ میں صرف غزلیں ہیں۔ اس نسخہ میں چھبیس (۲۶) غزلیں ایسی ہیں جو اب تک دیوان کے مطبوعہ نسخوں میں شامل نہیں کی گئی ہیں۔ ان میں سے صرف یہ دو (۲) غزلیں خدا بخش کے نسخہ میں موجود ہیں: 'آنجا کہ عشق آمد کجا نیند خرد را جا بود' الخ — اور 'خواہیم چون زلیخا یوسف رخی خریدن' الخ البتہ خدا بخش والے نسخہ میں دوسری غزل کا مقطع نہیں ہے۔ جبکہ سالار جنگ میوزیم کے نسخہ میں یہ مقطع بھی موجود ہے:

سلمان بنام، و نالہ درش قلم کر خواہد — این نا جہاستردن و ین ناجہا دریدن

لیکن چوبیس (۲۴) غزلیں ایسی ہیں جو نہ خدا بخش کے نسخہ میں موجود ہیں اور نہ مطبوعہ نسخوں میں:

۱

بی گل رویت ندارد رونق بستان ما — بی حضورت ایچ نوری نیست در ایوان ما
گر بسامان سر کویش رسی ای باد صبح — عرضہ داری شرح حال بی سر و سامان ما
درد دل ما پاس غم بشکست و غم در دل بماند — چیست یاران چارۂ غمہای بی پایان ما
در فراقت چیست گویی زندگانی را سبب — سخت رویی فلک با سستیٔ پیمان ما
دوستان گویند دل را مبر فرما بید صبر — چون کنم ای دوستان دل نیست در فرمان ما
در فراق دوست دل خون گشت خواہد شد بباد — دوستان بہر خدا جان شما و جان ما
در فراقش بعد چندین شب شبی خوابم ربود — می شنیدم در شکر خواب از لب جانان ما
بار ہجر ما کہ کوہ از بردن آن عاجز است — چون تحمل میکند کوہی دل سلمان ما

٢

من کجا دریابم آن کس را که عقلش درنیافت — جز دل مسکین وصالش را کسی دیگر نیافت

نی غلط گفتم که بود آنکس که در عشقش گرفت — بار دل را بر خود و از باغ وصلش بر نیافت

چون برم من جان ز دست آنکه هر کس کو نهاد — در رهش پا زیر پای خود بغیر سر نیافت

مرغ جانم را که دل بال و توان تن پر ست — می فرستادم برش بیچاره بال و پر نیافت

هست در دریای هستی گوهری دان چیست عشق — هر که شد غواص آن دریا بجز این گوهر نیافت

کعبهٔ وصل ترا می جست راهی در درون — سالها گردید گرد عقل و آخر در نیافت

چشم سلمان است در خور ماه رخسارت چو نور — هیچ چشمی در جهان نوری چنین در خور نیافت

٣

ای جهان را چو مه عید مبارک رویت — عید صاحب نظران طاق خم ابرویت

گیسوی تو شب قدرست و در و منزل روح — خود که داند بجهان قدر شب گیسویت

گوشهٔ ماه ز برقع بنما تا چو هلال — شود انگشت نمای همه عالم رویت

۴

جان من می رقصد از شادی مگر یار آمدست — می جهد چشمم همانا وقت دیدار آمدست

جان بیمارم باستقبال آمد تا به لب — قوتی از تو مگر در جان بیمار آمدست

می رود اشکم که بوسد خاک راهش با بچشم — بر لبم جان نیز پنداری بدین کار آمدست

زان دهان می خواهد از بهر امان انگشترت — جان زار من که زیر لب بزنهار آمدست

تا ندیدم روی خوبت راندیدم روز نیک — از فراقت روز بر من چون شب تار آمدست

در فراق رویت ای نور دو چشم من ببین — تا بروی من چها زین چشم خونبار آمدست

بی تو گر می خورده ام در سینه ام خون بسته است — بی تو گر گل دیده ام در دیده ام خار آمدست

گر نسیمی زان خط عنبر بر من گذاری کرده است — همچو چنگ از هر رگم صد نالهٔ زار آمدست

روز بر چشم سیه گردیده است از غم چو شب — در خیالم زان زمان کان زلف و رخسار آمدست

گر بلا بسیار شد سلمان چه شد مردانه باش — بر سر مردان بلای عشق بسیار آمدست

۵

ما را بجز از عشق تو در خانه کسی نیست — بنمای رخ از پرده که بیگانه کسی نیست

بردار ز رخ سلسله تا خلق بدانند — کز سلسله داران تو دیوانه کسی نیست

فرزانه ز مردم اگر زاهد و صوفی ست — ای دوست بدوران تو فرزانه کسی نیست
در خلوت دل ساختمت منزل و آنکس — کز دل نکند منزل جانانه کسی نیست
خمار مده باده باغیار که خامست — مطرب مزنش در که در آن خانه کسی نیست
سرگشته بسی اند ولی آنکه چو پرکار — دارد قدمی ثابت و مردانه کسی نیست
دل گرمی پروانه ده ای شمع که در عشق — امروز بجانبازی پروانه کسی نیست
سلمان مطلب یار که بسیار بجستند — زین جنس درین منزل ویرانه کسی نیست
یاری که بکامت برساند ز لب خود — در دور تو جز ساغر و پروانه کسی نیست

٦

سرو خواند باتو خود را راست اما راست نیست — سرورا این حسن و رعنایی که قد رسواست نیست
راستی را سرو دلبس عناست اما اینک باد — در سر افگندست یعنی باتو هم بالاست نیست
قصد جانم میکنی من خود فدایت کرده‌ام — گر تو پنداری که تقصیر کس است از ماست نیست

٧

چشم مخمور تو در خواب مستی خفته است — از خمار چشم مستت عالمی آشفته است
سنبلت را بس پریشان حال می بینم مگر — باد صبح از حال من باوی حدیثی گفته است
چشم بد دور از گل رویت که در گلزار حسن — هرگز از روی تو نازکتر گلی نشگفته است
دیده باریک بینم در شب تاریک هجر — بس که بر یاد دلت درهای غلطان سفته است
دل چو در محراب ابرو چشم مستت دید گفت — کافر مستست در محراب بین چون خفته است
خاک راهت خواستم رفتن بمژگان عقل گفت — نیست حاجت کش صبا صد ره بگیسو رفته است
عاقبت هم سر بجای میزند این خون دل — کز غم عشق تو سلمان در درون بنهفته است

٨

دولت وصل آن صنم روی بما نمی کند — سرو روان او مرا کام روا نمی کند
عمری و گفته‌ای اگر صبر کنی وفا کنم — عمر عزیز چون کنم عمر وفا نمی کند
گفته بدم رها کنم شیوه عشق و عاشقی — عشق بکار خود مرا باز رها نمی کند

٩

نه تنها بر سر کوی تو مارا بار می افتد — که هر روزی در آن منزل ازین صد بار می افتد
هوایت باد شبگیری چنان مست است در بستان — که چون زلفت ز مستی بر گل و گلزار می افتد
بالنگ مردم چشم شماتت کم کن ای دشمن — چه شاید کرد مردم را ازین بسیار می افتد

۱۰

دلی که شیفتهٔ زلف دلربا باشد   همیشه زار و پریشان و مبتلا باشد
بلی عجب نبود گر بود پریشان حال   گدا که در طلب وصل پادشا باشد
بهانهٔ تو رقیبست و نیست این مسموع   رقیب را چه محل گر ترا رضا باشد
جفای دشمن و جور رقیب و طعنهٔ خلق   خوش است بر دل اگر دوست را وفا باشد
اگر ترا گذری بر من ضعیف افتد   و یا ترا نظری بر من گدا باشد
از آن طرف نپذیرد کمال تو نقصان   وزین طرف شرف روزگار ما باشد
نگار گشت بخون جگر رخ سلمان   بترس زانکه بد و نیک را جزا باشد

۱۱

کار شد تنگ برین دل خبر یار کنید   دوستان بهر خدا چارهٔ این کار کنید
سیل عشق آمد و این بخت گران خواب مرا   که خبر نیست ازین واقعه بیدار کنید
اثری کرد هوا در من و بیمار شدم   بدو چشمش که علاج من بیمار کنید
شیخنان از طرف صومعه کاری نگشود   بعد ازین روی به خمخانهٔ خمار کنید
در رخش هر چه من ای مدعیان می بینم   گر ببینید شما همچو من اقرار کنید
در جمال رخ او ای مه و مهر ار نگرید   هر دو چون سایه سجودش پس دیوار کنید
من بچشم خوشش آورده ام اقرار مباد   که بسلمان نظر از دیدهٔ انکار کنید

۱۲

در خرابات مرا دوش بدوش آوردند   بیخودم بر در آن یار فروکش آوردند
شهسواری که بمیدان همه کون فرو   بدر خانهٔ خمار فروش آوردند
دوش بر دوش فلک میزدم امروز که دوش   مستم از کوی خرابات بدوش آوردند
مطربان زیر لب از پردهٔ اسرار بتی   تا چه گفتند که نی را بخروش آوردند
در نی خشک دمیدند می از آتش تر   خون خام خم خمار بجوش آوردند
ساقیان داروی بیهوشی می در دادند   دل بیهوش مرا باز بهوش آوردند
شاهدان اینهمه دلهای پریشان را جمع   بتماشای گل روی تو دوش آوردند
چشم و ابروی تو از گوشهٔ خود سلمان را   در خرابات کشان از بن گوش آوردند

۱۳

آن دم که باد صبح بزلفت گذر کند   مشک ختن بخون جگر چهره تر کند
اگر زانکه سنبل زلف تو مشک را   هر دم ز زردی رشک چه خون در جگر کند
هر دم که از صفای جمال تو دم زنم   صبحم سر از دریچهٔ انفاس بر کند

هر گه که مهر روی تو در خاطر آورم ... خورشید سر ز روزن اندیشه در کند
دارم شکسته بسته چو ز لعلت دمی که او ... هر دم هوای صحبت روی چو خور کند
کار من از تو راست بزر میشود چو زر ... آری چو زر بود همه کاری چو زر کند
موییست نهاد سر بکمرگاه تو مگر ... آمد مگر که دست هوس در کمر کند
سرگشته چند ولیست چه سوداست در سرش ... آن به که این خیال کژ از سر بدر کند
دل خواست تا حکایت زلف تو سر بسر ... معلوم رای آصف جمشید فر کند
لیکن چنین حدیث پراگنده چون کسی ... در بندگی خواجهٔ نیکو سیر کند
خورشید آسمان وزارت که آسمان ... خاک درش بمرتبه کحل بصر کند
اعظم غیاث دولت و دین آنکه روزگار ... نامش وزیر مملکت بحر و بر کند
تا رایت مظفر سلطان خاوری ... هر شام عزم مملکت باختر کند
بادا ز قدر رایت چنانک او ... هر روز فتح عرصهٔ ملک دگر کند

۱۴
میکشم خود را و بازم دل بسویش میکشد ... موکشان زلفش مرا در خاک کویش میکشد
می برد حسنش بروی دلستان هر جا دلیست ... ور نمی آید دل مسکین ببویش میکشد
ما چو بید از بادی لرزیم از آن غیرت که باد ... می جهد در روی او برقع ز رویش میکشد
گل چو می داند که بلبل را فغان از عشق اوست ... هر چه دل گوید صدا گفت و گویش میکشد
می کشیدم کوزهٔ در روی ز دست ساقی ... لیکن زمان هر صوفی صافی سبویش میکشد
شمهٔ از حال من شاید که این گل بشنود ... این تن مسکین نه بیماری ببویش میکشد
خوی او هست از دهانش تنگ تر دین ناتوان ... بار بر دل تنگ تنگ از دست خویش میکشد
آرزوی نیست سلمان را بغیر از روی دوست ... چون کند چون دوست خط بر آرزویش میکشد

۱۵
آن پری کیست که از عالم جان روی نمود ... وین چه حوریست که بر ما در فردوس گشود
دل پروانه غمم شمع من از من بستد ... می پیمانهٔ جان لعل تو بر من بنمود
گرچه آواز رباب است مخالف با شرع ... راستی آمده تحقیق بعشاق نمود
در دل تیرهٔ ما گشت نهان خورشیدی ... روی خورشید بگل چون نتوانیم اندود
ما چو عودیم بر آتش بکش از ما دامن ... گر ز ما دود بر آید چه زیانت ز آن دود
عمر ما گم شد و بگذشت فزون پنداری ... کانچه کم گشت ز عمرم همه در عشق فزود

آنچنان نازکی ای گل که اگر با تو نسیم
دم زند روی تو چون لاله شود خون آلود

دیدهٔ ما بخیال لب عنابی تو
بسکه از جام زجاجی عقیقی می پالود

مدعی چند کنی عیب که مستست فلان
این چنین ست و چنین بود و چنین خواهد بود

بنشستم ز پس پردهٔ تقوی عمری
ناگهان باد هوا آمد و پرده بربود

سود سلمان همه اینست که سر بر در تو
سود سرمایهٔ خود را چو زیان کرد چه سود

۱۶

دل پیش زخم تیغ تو جان را سپر کند
از زخم تیغ دوست کسی چون حذر کند

آن را در آید از در دل آن جهان جان
کز دل مراد جان و جهان را بدر کند

ما راست همچو دیده عزیزی که نیست رسم
آن نور دیده را که بهر دم نظر کند

سرمست چشم دوست بود سرگران هنوز
چون نرگس آن زمان که سر از خاک بر کند

زان جورها که میکند آن خوشتر آیدم
چندانکه گویمش که مکن بیشتر کند

سلمان تواند از سر هر دو جهان گذشت
آسان و مشکل از سر کویت گذر کند

۱۷

نسیم برو بوی جان و دلستان بمن آور
سلام من برسان و جواب آن بمن آور

نوای بلبل معنی بصورتی که توانی
بگلستان برو برگی ز گلستان بمن آور

صباش می برد از آستین عبیر بدامن
تو مردمی کن و گردیش ز آستان بمن آور

دواش اگر بفرستد به طالبان نداده
ز دردش آنچه بیابی همان چنان بمن آور

بدیده گرد سر کویش از برای دل من
تلطفی کن و برچین یگان یگان بمن آور

ترا در آن دهن تنگ یار هست مجالی
حکایتی بنهانی از آن دهن بمن آور

نصیب من همه هیچست اگر غمیم فرستد
بهر زمان بتعلق همان زمان بمن آور

دل شکستهٔ سلمان که نیست نام و نشانش
ببوی در سر زلفش از و نشان بمن آور

۱۸

ملدفان لعل لبش می میدهد هشیار باش
چشم مستش روز و شب خوابست یا بیدار باشی

گر بدین عشق او اقرار داری عشق او
منکر عقل ست و دین از عقل و دین بیزار باش

عیسی نفسش دوای بخشد جان میدهد — گر تو داری این هوس گه مرده گه هشیار باش

۱۹

بدست خود دل خود در کمند زلفت افگندم — بعمد بند دگر خود را و دل را بر تو می بندم

زدست دوست می گریم ولیکن رغم دشمن را — چو ابر نوبهاری در میان گریه می خندم

تو دل در بند آن داری که جانم در کمند آری — بحق زلف دلبندت که من دایم در آن بندم

جز از بار دلم باری مرا حاصل نشد هرگز — زچندین دانهٔ گوهر که در عالم پراگندم

زکوه محنت سلمان غم فرهاد کاهی دان — که گر او کوه کند از غم من بیچاره جان کندم

۲۰

آتش سودا اگر در دل سودای من — شعله ازین سان زند وای دل و وای من

مایهٔ سودای ماست زلف تو لیکن چه سود — زانکه پراگنده گشت مایهٔ سودای من

نالهٔ من هر شبی سر بفلک میکشد — تا بچه خواهد کشید نالهٔ شبهای من

قصهٔ خوناب دل گر نکنم چون کنم — می رسد از دل بلب جوشش دریای من

از سر رحمت مگر هم تو شوی دستگیر — ورنه چه برخیزد از دست من و پای من

بس که رگ جان من زد غم عشقت چو چنگ — غیر رگ و پوست نیست هیچ بر اعضای من

دل چو قبا بسته ام در قد و بالای تو — عشق قدت جامه ایست راست ببالای من

۲۱

ای آنکه رخ و زلف تو آرایش دیده — گردیده بسی دیده و مثل تو ندیده

از گوشه بسی گوشه نشین را که ببینی — در میکده ها چشم سیاه تو کشیده

چشمت باشارت دل من برد و فدایت — چیزی که اشارت کنی ای دوست بدیده

زلف تو بپوشید سراپای قدت را — آن شعر قباییست بقد تو بریده

سربسته حدیثیست مرا با تو چو مویت — فی الجمله حدیثیست بگوش تو رسیده

هر لحظه بدل میکنی از دیده اشارت — دل می طلبی از من دل داده بدیده

چشمم بمژه قصهٔ شوق تو نوشته — دل خون شده وانگه ز سر خامه چکیده

تا صبح سخن بو العجبم می شنوانند — سلمان همه عمر آن سخن از کس نشنیده

۴۲
دارد سر سودای، باز این سر سودایی — دل رفت دگر جای آه از دل هرجایی
گفتند بصبر از دل اندوه توان بردن — آری بتوان لیکن کو صبر و توانایی
ای صبر نمی گفتی روز زیت بکار آیم — چون کار برفت از دست اکنون بچه کار آیی
بردار حریف انگشت از حرف خطای من — کین حرف نمی گنجد در دفتر دانایی
در آینه گر خود را بینی بروی از خود — آن به که تو خود خود را با آینه ننمایی
چون شمع ندارد صبر از دود که بنشیند — آرام کجا گیرد پروانهٔ سودایی
در عشق تو بدنامیست اندیشه ز بدنامی — در عهد تو رسواییست اندیشه ز رسوایی
چندین چه کنی سلمان در سینه نهان مهرش — خورشید جهان آرا تا کی بگل اندایی

۴۳
ای نسیم صبح بوی جانفزا می آوری — من نمی دانم که این بو از کجا می آوری
ای نسیم از خاک کوی یار حاصل کرده ای — تا پنداری که از باد صبا می آوری
گلبن بار آورش مارا نمی بخشید بوی — هم تو باری کز درش بوی بما می آوری
گلستان شوق را خوشبوی تمای میدهی — بلبلان بی نوا را در نوا می آوری
ناتوانی زانکه راهی بس دراز پیچ پیچ — از سر زلف چینیم زیر پا می آوری
رفته بود از جا دل ما بازش آوردی بجا — خاک کویش بر طریق خونبها می آوری
خون ما را ریختی در انتظار اکنون بیا — راستی را شرط دلداری بجا می آوری
گر ز روی لطف یکدم میکنی در کار ما — وقت ما چون صبح از آن دم با صفا می آوری
قاصد سلمانی و یکدم نمیگیری قرار — روز و شب پای می بری پیغام یا می آوری

۴۴
باز بیمار خودم ساختی و خوش کردی — خون من ریختی و جان مرا پر دردی
شرط کردی که دل سوختگان را نبرم — دل من بردی و آن قاعده باز آوردی
خیزد چون گرد زنش دست بدامن نخوان — کاش بر تو فشانند از و بر گردی
جز صبا نیست بریدی که برد نامه بدوست — خنکا باد صبا گر نکند دم سردی
ق
می روی گر دو صفت در عقب او سلمان — به از آن نیست که اندر عقب او گردی
زهر هجران چش اگر عارف صاحب ذوقی — ترک درمان کن اگر صادق صاحب دردی

عابد رضا بیدار

غیر مطبوعہ سلمان ساوجی کہاں تک غیر مطبوعہ ہے

——— استدراک ———

[ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی نے نسخۂ سالار جنگ سے سلمان ساوجی کی جو ۴۴ غزلیں غیر مطبوعہ قرار دے کر جرنل میں اشاعت کے لئے بھیجیں وہ ان کے بیان پر اعتماد کر کے چھاپنے کے لیے دیدی گئیں۔ یہ فارم چھپ چکا (جو اس جرنل نمبر ۲ میں شاملِ اشاعت ہے) تو خیال آیا کہ احتیاطاً کلیاتِ سلمان کا مطبوعہ نسخہ خود بھی دیکھ لیا جائے۔ دیکھنے پر پتا چلا کہ ۴۴ میں سے ۱۴ غزلیں طبع شدہ ہیں۔ ۴۴ غزلوں کا فارم چھپ چکا تھا اس لئے چیکنگ کے اس نتیجہ پر افسوس بھی ہوا۔ لیکن پھر خیال آیا کہ ایک تو تحقیق کا کام کرنے والوں کو اس مثال سے یہ سبق بھی حاصل ہو جائے گا کہ جلد بازی تحقیق کے منافی ہے۔ دوسرے اس طور پر طبع شدہ غزلوں کی نشاندہی کے ساتھ وہ اہم اختلافات نسخ/قرأت سامنے آجائیں گے جو آئندہ لوگوں کے لیے کام آسکیں گے]

کلیات سلمان ساوجی، آدستا کی ترتیب و تصحیح سے انجمن ایران کی طرف سے شائع ہو چکا ہے۔ ڈاکٹر عابدی کی دریافت کردہ ۴۴ غزلوں میں سے ۱۴، اس مطبوعہ کلیات میں موجود ہیں جنکی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) یہ غزل مطبوعہ نسخے میں (ص ۲۵۳ پر) موجود ہے اس معمولی فرق کے ساتھ کہ مطبوعہ میں ساتویں شعر میں قافیہ 'جاناں' کے بجائے 'سلطان' ہے۔

مطبوعہ کی مدد سے ایک غلطی کا ازالہ بھی ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر عابدی نے مقطع، مصرع ثانی اس طرح لکھا ہے ؎ چوں تحمل میکند کوہی دلِ سلمان ما۔ یہ کوہی دراصل گویی ہے۔ 'کوہی' یوں بھی یہاں مہمل ہے۔

(۲) دوسری غزل بھی مطبوعہ (ص ۲۸۷ پر) موجود ہے۔ دو جگہ معمولی اختلاف ملتا ہے۔ دوسرے شعر کے مصرعِ ثانی میں (؎ باد دل را بر نو نوا از باغ وصلش بر نیافت)۔ مطبوعہ میں بر کی جگہ از ہے؛ چوتھے شعر کے دوسرے مصرع میں (؎ میغ رستادم پرشش بیچارہ بال و پر نیافت)، پرشش کی برشش ہے۔ پانچواں شعر، پہلا مصرع، البتہ، ڈاکٹر عابدی کی قرأت میں فی الحال مہمل ہے (؎ منت در در آیی ہستی کوبڑی دال چیست عشق) مطبوعہ متن کی روشنی میں اس کی تصحیح ہو جاتی ہے جو اس طرح ہے:

ع ہست در دریای ہستی گوہری آن چیست عشق

اس پانچویں شعر کا دوسرا مصرعہ: ع ہر کہ شد غواص آن دریا بجز این گوہر نیافت، مطبوعہ میں 'جز این' کی جگہ 'بجز' ہے۔ مقطع میں دونوں مصرعوں میں اختلاف ہے:

چشم سلمان است در خور ماہ رخسارت چو نور — ہیچ چشمی در جہان نوری چنین در خور نیافت

مطبوعہ نسخہ میں 'است' کے بجائے 'راست' ہے۔ 'رخسارت' کی جگہ 'رخسارش' اور 'چنین' کے بجائے 'چنان'۔

(۳) یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (ص ۲۸۶) موجود ہے۔

تیسری غزل کے دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں (ع گیسوی تو شب قدر ہست و دہ و منزل روشن) مطبوعہ میں (ص ۲۸۶) 'دہ' سے قبل 'و' نہیں ہے۔

(۴) یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (ص ۲۸۷) موجود ہے:

چوتھے شعر کا پہلا مصرع ڈاکٹر عابدی کے یہاں اس طرح ہے: ع زان دہان میخواہد از بہر امان انگشتری

مطبوعہ میں یہ مصرع اس طور سے ہے: ع زان دہان میخواہد از بہر زبان انگشتری۔

پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں (ع تا ندیدم روی خوبت ما ندیدم روز نیک) 'ندیدم' کی جگہ مطبوعہ میں 'بدیدم' ہے اور 'نیک' کی جگہ 'خوب'۔

آٹھویں شعر کے دوسرے مصرع میں (ع ہمچو چنگ از ہر رگم صد نالۂ زار آمدست) 'رگم' کی جگہ مطبوعہ میں 'رگ من' ہے۔

نویں شعر کا دوسرا مصرع (در خیالم زان زمان کان زلف در خسار آمدست) مطبوعہ میں اس طرح ہے: ع در خیالم کان زمان آن زلف و رخسار آمدست۔

مطبوعہ کلیات میں اس غزل کے مقطع کے بعد وہ شعر ہے جو عابدی ورژن میں چھٹا شعر ہے۔ میرے خیال میں مطبوعہ کی ترتیب یہاں غلط ہے۔

(۵) مطبوعہ کلیات میں (ص ۲۸۱) مقطع اور مقطع کے بعد کا شعر موجود نہیں ہے۔

دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں (ع بردار ز رہ سلسلۂ تا خلق بدانند) 'رہ' کی جگہ مطبوعہ میں 'سر' ہے۔

تیسرے شعر کے پہلے مصرع میں (ع فرزانہ تر مردم اگر زاہد و صوفیست) مطبوعہ میں 'تر' کی جگہ 'بر' ہے۔

پانچویں شعر کے پہلے مصرع (ع خمار مدہ بادہ باغیار کرخامست) مطبوعہ صورت میں اس طرح ہے:

ع خمار باغیار مدہ بادہ کرخامست۔

چھٹے شعر کے پہلے مصرع میں (ع گرشتہ لیسی اند ولی آنک چو پرکار) مطبوعہ میں 'اند' کی جگہ 'ماند' ہے اور 'آنک' کی جگہ 'آنکہ'۔

(۶) تینوں شعر مطبوعہ کلیات میں نہیں ہیں۔

(۷) مطبوعہ کلیات میں یہ غزل (ص ۲۸۳) موجود ہے۔ اختلافات درج ذیل ہیں۔

ساتویں غزل کے پہلے شعر کے دوسرے مصرع میں (ع از خمار چشم مستت عالمی آشفتہ است) مطبوعہ میں 'از' کی جگہ 'در' ہے۔

دوسرے شعر کے دوسرے مصرع میں (ع باد صبح از حال من با دی حدیثی گفتہ است) 'دی' کی جگہ 'او' ہے۔

چوتھے شعر کے دوسرے مصرع میں (ع بسکہ بر یاد دلت درہای غلتاں سفتہ است) مطبوعہ میں 'در یاد لبت' ہے جو بہتر ہے۔

پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں (ع دل چو در محراب ابر چشم مستت دید گفت) 'ابر' مطبوعہ میں 'ابرو' ہے جو یقیناً صحیح ہے۔

چھٹے شعر کے دوسرے مصرع میں (ع نیست حاجت کش صبا صد رہ بگیسو رفتہ است) 'بگیسو' کی جگہ مطبوعہ میں "بمژگان" ہے جو بہتر ہے۔

(۸) یہ تین شعر مطبوعہ کلیات میں نہیں پائے جاتے۔

(۹) ایک غزل اسی ردیف و قوافی کے ساتھ مقطع سمیت مطبوعہ کلیات میں (ص ۳۳۷) پائی جاتی ہے۔ ایک مطلع بھی ہے لیکن یہ تینوں شعر اس میں موجود نہیں۔

(۱۰) یہ غزل مطبوعہ (ص ۳۰۱) میں موجود ہے: پہلے شعر کے پہلے مصرع میں (ع دلی کہ شیفتہ زلف دلربا باشد) مطبوعہ میں زلف کی جگہ 'روی' ہے (دوسرے شعر کے دوسرے مصرع میں مطبوعہ میں بادشا کی جگہ پادشا؛ یہ فرق نظرانداز کیا جا سکتا ہے)

تیسرے شعر کے پہلے مصرع میں (ع بہانۂ تو رقیبیت و نیست اینا مسموع) رقیبست

صحیح ہے اور مطبوعہ میں بھی یہی ہے۔ 'رقیبیت' پڑھنے سے مصرع ناموزوں ہو جاتا ہے۔

چوتھے شعر کے دوسرے مصرع میں (دوست را وفا باشد) 'را وفا' کی جگہ مطبوعہ میں 'با وفا' ہے

چھٹے شعر کے دوسرے مصرع (ع ور منزلت شرف روز ما... باشد) میں نصف آخر کو مطبوعہ کے مطابق اس طرح پڑھنا ہوگا اور اس طرح وہ لفظ بھی پورا ہو جائے گا جو ڈاکٹر عابدی سے پڑھا نہ جا سکا تھا: "روزگار ما باشد"۔ مقطع میں مطبوعہ میں 'زانکہ' کی جگہ 'از انکہ' ہے۔

(۱۱) یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (ص ۳۰۳) موجود ہے۔ مندرجہ ذیل اختلافات کے ساتھ:

چوتھا شعر، پہلا مصرع (ع شیختان از طرف صومعہ کاری نگشود)، لفظ 'شیختان' (جو ڈاکٹر عابدی کے لیے غالباً پریشان کن تھا) مطبوعہ میں 'ہیچنان' ہے۔ مزید برآں 'صومعہ' کی جگہ 'کعبہ جو' ہے۔ یہ ایسا اختلاف ہے جو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں (ع در رخش ہر چہ من از مدعیاں می بینم) مطبوعہ میں 'ہر چہ' کی جگہ 'آنچہ' ہے۔

چھٹا شعر (ع در جمال رخ ادای مہ دیو او نگرید + ہر دو چون سایہ سجودش پس دیوار کنید) مطبوعہ میں 'جمال و رخ' ہے۔ واو کے اضافے کے ساتھ؛ اور 'سجود' 'ش' کی کمی کے ساتھ۔

(۱۲) یہ غزل مطبوعہ (ص ۳۰۴) میں موجود ہے۔ اختلافات درج ذیل ہیں:

پہلے شعر کا پہلا مصرع (ع در خرابات مرا دوش بدوش آوردند) مطبوعہ میں 'در' کے بجائے 'از' سے شروع ہوتا ہے۔ پورے شعر کے تناظر میں 'در' یوں بھی بے محل ٹھہرتا ہے۔ 'از' ہی ہونا چاہیے۔ لیکن دونوں کتابت میں اکثر اس طرح لکھ دیے جاتے ہیں کہ ایک پر دوسرے کا دھوکا ہو سکتا ہے۔

دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں (ع شہسواری کہ نیامد بہمہ کون فرد) مطبوعہ میں 'نیامد' کی جگہ 'نیاید' ہے۔ یہ ایسا فرق ہے جسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ لیکن آخری لفظ مخطوط کی قرات میں غلط پڑھا گیا۔ یہ مطبوعہ میں اپنی صحیح شکل میں موجود ہے یعنی 'فرود'۔

تیسرے شعر کے پہلے مصرعہ میں (ع دوش بر دوش فلک میزنم امروز کہ دوش) مطبوعہ میں بجا طور پر 'فلک' کی جگہ 'ملک' ہے۔ 'دوش فلک' یہاں بے محل ہے، اسے غلط قرات کا نتیجہ قرار دیا جا سکتا ہے۔

چوتھے شعر کے پہلے مصرع (مطربان زیر لب از پردہ اسرار بتی + تا چہ گفتند کہ نی را بخروش آوردند) میں لفظ 'بتی'، دراصل اگلے مصرع کے 'نی' ہی کی تکرار ہے۔ اور مطبوعہ میں بتی ہے (= بہ + نی) 'بتی' یہاں بالکل بمعنی ہو جاتا ہے۔ یہ قرأت کی غلطی ہے۔ یہ امر کہ یہ 'نی' ہی کا سلسلہ چھڑا ہوا ہے' اگلے شعر سے مزید موثق ہو جاتی ہے۔

اگلے یعنی پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں (مع در نی خشک دمیدند و می از آتش تر) مطبوعہ میں صحیح چھپا ہے۔ واو دراصل 'دال' ہے اور 'از' واقعۃً 'ز' ہے۔ 'آتش تر' کی وجہ سے ڈاکٹر عابدی کو غلط فہمی ہوئی اور 'دمی' کو 'و + می' پڑھا۔ حالانکہ اس سے 'دمیدند' بغیر خبر مفعول کے رہ جاتا ہے۔

ساتویں شعر کے دوسرے مصرع میں (مع تماشای گل روی تو دوش آوردند) مطبوعہ میں گل غالیہ پوش ہے۔

(۱۳) یہ قصیدہ یا مدحیہ قطعہ مطبوعہ کلیات میں نہیں ہے۔

(۱۴) (۱۵) (۱۶) یہ غزلیں بھی مطبوعہ میں نہیں ہیں۔

(۱۷) یہ غزل مطبوعہ (ص ۳۴۴) میں موجود ہے لیکن 'یگان' اور 'زمان' قوافی کے دو شعر مطبوعہ کلیات میں نہیں ہیں۔ پہلا شعر مطبوعہ اس طرح ہے جو موزوں بھی ہے اور بامعنی بھی:

نسیم صبح برو بوی دلستان بمن آور ؛ سلام من برسان و جواب آن بمن آور

ڈاکٹر عابدی کی قرأت ناموزوں بھی ہے (پہلا مصرع) مہمل بھی (دوسرا مصرع) اور بے قافیہ بھی!

دوسرے شعر کے پہلے مصرع میں مطبوعہ میں 'قوانی' کی جگہ 'تو دانی' ہے؛ تیسرے شعر میں مطبوعہ میں 'گردش' کی جگہ 'گردی' ہے؛ چوتھے شعر میں 'دواش اگر' کی جگہ مطبوعہ میں 'دوای گر' ہے؛ اور اسی شعر کے دوسرے مصرع میں 'ہمان چنان' کی جگہ 'ہم آنچنان' یہ سب معمولی اختلافات ہیں۔ چھٹے شعر میں البتہ قوافی صاف اشارہ کرتے ہیں کہ قافیہ 'دہن' کی جگہ 'دہان' ہونا چاہیے۔ مطبوعہ میں بجا طور پر اسی طرح ہے۔ مقطع میں مطبوعہ میں 'ازو نشان' کی جگہ 'از آن نشان' ہے۔

(۱۸) یہ تینوں شعر مطبوعہ میں نہیں ملے۔

(۱۹) یہ غزل کلیات مطبوعہ میں (ص ۳۷۸) موجود ہے۔ لیکن خاصے ترمیم و اختلاف کے ساتھ دونوں جگہ پانچ پانچ شعر ہیں۔ لیکن: مطبوعہ کا مطلع بدلا ہوا ہے اور اس طرح ہے:

بزنجیر سر زلف کہ من دایم در آن بندم ؛ کہ چون خود را بفتراک سر زلف تو در بندم

دوسرا شعر دونوں جگہ یکساں ہے۔ تیسرے شعر میں جزئی اختلاف ہے یعنی پہلے مصرع میں 'جانم' کی جگہ مطبوعہ میں 'جانہا' ہے اور مصرع ثانی میں 'بحق زلف دلبندت' کی جگہ 'بحق دوستی جانا' ہے؛ چوتھا شعر البتہ مطبوعہ میں بالکل مختلف ہے، جو اس طرح ہے:

بگویت چون صبا با آنکہ جانہا دادہ ام عمری ٭ بگردی از درت راضی بوی از تو خرسندم

مقطع دونوں جگہ یکساں ہے۔

(۲۰) مطبوعہ کلیات میں (ص ۳۸۳) یہ غزل موجود ہے۔

پہلے شعر کے پہلے مصرع میں (ع آتش سودا اگر در دل سودائی من) مطبوعہ میں 'سودائی' کی جگہ 'شیدائی' ہے اور یہی ہونا بھی چاہیے کہ 'دل سودا' بھی ہے۔ دل سودائی، جس کا محل ہے وزن میں نہیں آتا مگر 'دل شیدا' وہی معنی دیتا ہے۔

پانچویں شعر میں جزئی اختلاف ہے یعنی مصرع ثانی میں 'برخیزد' کی جگہ مطبوعہ میں 'میخیزد' ہے۔

(۲۱) یہ غزل مطبوعہ (ص ۴۰۰) ہے، اختلافات بالکل معمولی ہیں:۔

پہلے شعر کے پہلے مصرع میں 'آنک' کی جگہ مطبوعہ میں 'آنکہ' ہے۔ تیسرے شعر کے پہلے مصرع میں 'بردوفدایت' مطبوعہ میں واو کی کمی کے ساتھ 'بردفدایت' ہے۔ اور مقطع میں دوسرے مصرع میں 'آن' کی جگہ مطبوعہ میں 'این' ہے۔

(۲۲) یہ غزل مطبوعہ میں نہیں ہے۔

(۲۳) یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (ص ۴۳۰) موجود ہے؛ اختلافات اس طرح ہیں:۔

پہلے شعر کے دوسرے مصرع میں مطبوعہ میں 'صبا' کی جگہ 'ہوا' ہے، جو بہتر بدل نہیں ہے؛ تیسرا شعر مطبوعہ کلیات میں موجود نہیں ہے، پانچویں شعر کے پہلے مصرع میں مطبوعہ میں 'زانک' کی جگہ 'زانکہ' ہے اور 'دراز' اور 'پیچ پیچ' کے درمیان میں ایک واو بھی ہے اور یہی صحیح بھی ہے۔ اس شعر کے دوسرے مصرع میں مطبوعہ میں 'جبینم' کی جگہ 'جبینش' ہے؛ چھٹے شعر میں جا ـ اور ـ دل کے بیچ میں مطبوعہ میں 'واو' کا اضافہ ہے جو بے محل ہے۔

(۲۴) یہ غزل بھی غیر مطبوعہ ہے۔

نثری تمہید کے ذیل میں جو شعر (سلمان بنام الخ) غیر مطبوعہ کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے وہ مطبوعہ

کلیات میں (ص ۳۸۴) موجود ہے۔

○

خلاصہ یہ کہ غزل نمبر ۶، ۸، ۹، ۱۸، ۱۱ (تین تین شعر پر مشتمل)، مدحیہ قطعہ نمبر ۱۳، غزل نمبر ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۲۲ اور ۲۴ غیر مطبوعہ رہی ہیں اور ڈاکٹر عابدی کی دریافت ہیں۔

غزل نمبر ۵ میں دو شعر نئے سامنے آئے ہیں۔ غزل نمبر ۱۷ میں بھی دو نئے اشعار کا اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح غزل نمبر ۱۹ میں بھی دو شعر نئے ہیں۔ غزل نمبر ۲۳ میں ایک شعر نیا ہے۔

اس طرح سلمان ساؤجی کی ۶ مکمل غزلیں، چار (تین تین اشعار پر مشتمل) ادھوری غزلیں اور سات اشعار (بقیہ غزلوں میں) نئے سامنے آئے ہیں جو امید ہے قدر کی نگاہ سے دیکھے جائیں گے۔

۲

اعتماد کو ٹھیس لگ ہی چکی تھی۔ نسخۂ سالار جنگ کی 'غیر مطبوعہ' یافت کی یہ کیفیت پا کر معاً خیال آیا کہیں نسخۂ خدا بخش کے ساتھ بھی یہی بے احتیاطی نہ برتی گئی ہو۔ مقابلہ کیا تو وہی کیفیت پائی گئی، بلکہ اس سے دو چند۔ ڈاکٹر عابدی نے سلمان ساؤجی کے نسخۂ خدا بخش سے جرنل ۱۲ میں ایسی غزلیں شائع کرائی تھیں جو ان کے خیال میں 'غیر مطبوعہ' تھیں۔ یہ تعداد میں ۳۰ غزلیں تھیں۔ مطبوعہ کلیات دیکھا گیا تو ۵ کو چھوڑ کر بقیہ سب کی سب طبع شدہ نسخہ میں موجود پائی گئیں۔ عام حالات میں اس طرف کبھی خیال بھی نہ جاتا کہ جرنل کا بیسواں شمارہ شائع ہوتے وقت بارھویں کے مشتملات کو اس نظر سے دیکھا جائے۔ اگر ڈاکٹر عابدی نسخۂ سالار جنگ سے ماخوذ 'غیر مطبوعہ' غزلیں اشاعت کے لیے نہ بھیجتے تو یہ چھان بین کا باب ہی نہ کھلتا اور جرنل ۱۲ کی پیشکش پر بھروسا کر کے لوگ ان غزلوں کو غیر مطبوعہ ہی سمجھتے رہتے۔ اس کے لیے ڈاکٹر عابدی کا شکریہ ادا کرنا بھی ہم پر واجب ہے کہ انھوں نے اس طور سے اس 'یافت' کی دریافت میں مدد دی:

نسخۂ خدا بخش سے منقول 'غیر مطبوعہ' غزلوں (جرنل ۱۲) کا معاملہ اس طور پر ہے:

(۱) پیر ما تدبیر ما: یہ غزل مطبوعہ کلیات میں (۲۵۵) موجود ہے۔

ع رہ خراباتست و دردِ سالخوردہ پیر ما

— عابدی (ڈاکٹر) صاحب کا متن یوں ہے:۔ "رہ خراباتست، دردِ سالخوردہ پیر ما"

ع ما که از دورِ ازل مستیم و عاشق تاکنون — عابدی قرارت: "تسلیم" جو غلط ہے۔

ع من غلام ہندوان سرو آزادم که او — عابدی قرارت: "ہندوی آن" جو صحیح ہے۔

ع ای که میگویی مشو دیوانہ غافل مشو — عابدی قرارت: آی که میگویی مشو دیوانہ ای الخ

(۲) گل آب - گلاب (مطبوعہ ص ۲۶۰) اختلافات:

ع خاک درت شربتیست صافی و عالم شراب — عابدی قرارت: "مشربیست" جو غلط ہے۔

(۳) شباب - خراب (مطبوعہ ص ۲۶۰):

ع بشنود بوی بہار از پیش بر دار نقاب — عابدی قرارت: بر آرد۔

ع گو چو چشمت بر نمی دارد سر از مستی و خواب — عابدی قرارت: "گو" جو غلط ہے۔

ع مدعی منعم مکن در عاشقی زیرا که ہست — عابدی " : نیست " "

عقل را با پیچ و تاب زلف خوبان پیچ و تاب — عابدی "پیچ تاب" غلط ہے۔

ع ای بہار عالم جان گل برون آمد نہد — عابدی : آرد

ع نسخہ حسن رخت را عرضہ کن از جویبار — عابدی : عرض

ع سایہ لطف الٰہی دیدہ سلمان که ہست — عابدی : دوندی (کذا)

(۴) خوشترست - دیگرست، (مطبوعہ ص ۲۷۳)

ع بادشاہ ما بنام ایزد، ہمایون اختر است — عابدی : بنامیزد

ع چون صباحش ہر نفس نور و صفای دیگرست — عابدی : چو ..... درخورست

(۵) (۶) (۷) (۸) یہ چاروں غزلیں مطبوعہ نہیں ہیں۔

(۹) میگردد - یہ غزل مطبوعہ کلیات میں موجود ہے (ص ۳۰۳)

س روی پنہان مکن از من که مہرویان را } پہلے مصرع میں - عابدی: پری رویان، صحیح "مہرویان" غیر موزوں
کار حسن از نظر اہل نظر میگردد } دوسرے مصرع میں - کار حسن نظر از اہل نظر میگردد

- تاکجا ... در موزہ کند + ... ہر در میگر — عابدی: دریوزہ کند صحیح ہے۔ موزہ قطعاً مہمل ہے۔

(۱۰) تیغ از ... جلاب دشکر میگردد — عابدی: حلاب جو غلط ہے

(۱۱) خواند - داند (مطبوعہ ص ۳۳۸)

پہلے شعر میں سیاہی ز سپیدی میں 'ز' کی جگہ مطبوعہ میں 'و' ہے؛ تیسرے شعر میں 'آبخ' کی جگہ 'آنچ'۔ پانچویں شعر میں 'نشاند' کی جگہ 'بنشاند' ہے۔ مقطع سے قبل شعر کے پہلے مصرع میں 'شیریں گوید' کی جگہ 'گوید شیریں' ہے جو مناسب ہے۔ مقطع میں 'چنیں' کی جگہ 'جبیں' ہے اور 'بدین' دال سے۔

(۱۲) یہ غزل مطبوعہ نہیں ہے۔

سحرم - خبرم - یہ غزل ص ۳۸۳ پر طبع شدہ موجود ہے: اس معمولی اختلاف کے ساتھ کہ پہلے شعر میں 'کو' کی جگہ 'کر' ہے؛ اور چوتھے شعر میں 'ہوای کز دم' میں 'ہوای' کی جگہ 'نوای' ہے جو مناسب ہے۔

(۱۳) رفتم - یہ غزل - مطبوعہ دیوان میں (ص ۳۶۳) موجود ہے۔

(۱۴) دلم - مقابلم: یہ غزل مطبوعہ دیوان میں (ص ۳۸۱) موجود ہے - جس سے بعض غلط قراءتوں کی تصحیح ہو جاتی ہے - یعنی: تیسرے شعر میں 'بردہ' کی جگہ 'بودہ' ہے، جو بہتر ہے؛ چھٹے شعر میں 'بگسلم' کی جگہ 'نگسلم' ہے، جو ایک غلط قراءت کی تصحیح کرتا ہے؛ ساتویں شعر میں خاصا اختلاف ہے۔

(۱۵) ندہم: (مطبوعہ ص ۳۸۱) دوسرے شعر میں 'پرست' کی جگہ دونوں مصرعوں میں 'بدست' ہے، جو مہمل کو بامعنی کر دیتا ہے۔ چوتھے شعر میں 'بخدا مانده بر' کی جگہ "بخدا نانده بد" ہے جو صحیح ہے۔ چھٹے شعر میں 'مار' کی جگہ 'بار' ہے (اور سمن کی جگہ سخن جو صحیح نہیں) اور 'بادگل' کی جگہ 'بارگل'۔ آخری شعر میں گیست (عہدی) کی جگہ بست ہے۔

— دندان ندہم: یہ شعر غیر مطبوعہ ہے۔

(۱۶) فالم: یہ غزل (ص ۳۸۰) مطبوعہ ہے: اختلاف معمولی ہے۔ پہلے شعر کے دوسرے مصرع میں: نی نیم = کی جگہ بی تم اور آٹھویں شعر کے دوسرے مصرع میں جلالم کی جگہ = ملالم) ہے۔

(۱۷) بنشستن - شکستن: (مطبوعہ ص ۳۸۲) چند اختلافات: چوتھا شعر: شاہداں (= زاہداں)؛ چھٹے شعر میں 'روزی' پر ڈاکٹر عابدی کو شبہ تھا۔ مطبوعہ میں روزی ہی ہے اور ٹھیک ہی ہے۔ مقطع میں 'خدایی' قطعاً غلط ہے۔ مطبوعہ میں بجا طور سے 'جدایی' ہے۔

(۱۸) نتوان: (مطبوعہ ص ۳۹۴) - مقطع سے قبل کے شعر میں قدرے اختلاف ہے یعنی "گر باین جسن صفا" کی جگہ پہلے مصرع میں 'گر باین حسن صفا' ہے اور مصرع ثانی میں 'چنین' کی جگہ 'چنان' ہے۔

(۱۹) گزیدن - کشیدن (مطبوعہ ص ۳۸۳): چوتھے شعر میں 'نبرد' کی جگہ مطبوعہ میں 'نپرسد' ہے۔

(۲۰) زمود من ۔ مقصود من : یہ غزل غیر مطبوعہ ہے ۔

(۲۱) میباید شدن : یہ غزل غیر مطبوعہ ہے ۔

(۲۲) جانان داشتن ۔ زندان داشتن : یہ غزل غیر مطبوعہ ہے ۔

(۲۳) آرزوی من ۔ دست خوی من : یہ غزل غیر مطبوعہ ہے ۔

(۲۴) من ۔ ختن (مطبوعہ ص ۳۹۳)

(۲۵) بر من از غم تو ۔ بر تن از غم تو (مطبوعہ ص ۳۹۵)

(۲۶) سوئی ۔ روئی (مطبوعہ ص ۴۱۴) : چھٹا شعر مطبوعہ میں ناقص ہے ۔ عابدی واژن میں پورا ہے ۔ آخر سے پہلے شعر میں دونوں مصرعوں میں ہر دو جگہ کوی کی جگہ گوی ہے ۔

(۲۷) بخواری ۔ بزاری : (مطبوعہ ص ۴۱۳) : تیسرے شعر میں 'نگویم' کی جگہ جو مہمل تھا، مطبوعہ میں 'بگویم' ہے ۔ مقطع سے قبل کے شعر میں مطبوعہ میں 'بگذاری' کی جگہ 'نگذاری' ہے ۔ اسی طرح مقطع میں بھی 'بسپاری' کی جگہ 'نسپاری' ہے ۔ مقطع میں مصرع اولی میں 'آنرا' کی جگہ 'جانرا' ہے ۔

(۲۸) بینی : (مطبوعہ ۴۱۴) : پہلے شعر میں 'قدت' کی جگہ 'رویت' ہے ۔ تیسرے شعر میں 'جانان' کی جگہ 'جانا' ہے (یہ اختلاف ـــــ اور جگہوں پر بھی نظر آیا) چوتھے شعر میں 'روی بویت' کی جگہ 'زلف ورویت' ہے ۔

(۲۹) مشوی ۔ بجوی (مطبوعہ ص ۳۹۰) یہ غزل مطبوعہ میں واو کی ردیف میں ہے ۔ دوسرے شعر میں 'سرگشت' کی جگہ 'دلکشت' ہے ۔ چھٹے شعر میں 'روی بگوید' مطبوعہ میں 'روشن بگوید' ہے ۔
ـــ 'شمع الخ' والا شعر غیر مطبوعہ ہے ۔

(۳۰) برمیکند ۔ دیگر میکند : (مطبوعہ ص $\frac{۲۹۷}{۲۹۸}$) : مطبوعہ میں تیسرے شعر میں '[عشق می]' کی جگہ 'جان همی' ہے ۔ مقطع سے قبل کے شعر میں 'دوبها[ی]' کی جگہ 'درابتها' ہے ۔ مندرجہ ذیل تین شعر الحاقی ہیں ۔ 'ہر زمان الخ'، 'باکمال الخ' ۔ اور 'شرح سودای الخ' ۔

---

۳۰ غزلیں جو ڈاکٹر عابدی نے جرنل ص ۱۲ میں نسخہ خدا بخش سے نقل کی ہیں ان میں پانچ (کرد، آورد، باید بود، گریزد، غیر مطبوعہ ہیں بقیہ ۲۵ غزلیں سب کی سب (سوائے اس کے کہ 'ندیم' والی غزل میں 'دندان ندیم' والا شعر ۔ اور مشوی (= مشو) والی غزل میں 'شمع' سے شروع ہونے والا شعر غیر مطبوعہ ہیں) مطبوعہ ہیں ۔

وسیم احمد اعظمی
جی یونٹ خدا بخش لائبریری، پٹنہ

خدا بخش لائبریری میں
قسطا بن لوقا البعلبکی کے مخطوطات

قسطا بن لوقا البعلبکی (۸۲۰ – ۹۱۲ء[1]) کا شمار اپنے عہد کے مشہور فلسفی، طبیب اور مترجم کی حیثیت سے ہوتا ہے۔ یونانی، سریانی اور عربی لسانیات کے زبردست عالم کی حیثیت سے بھی اس کا مقام بہت بلند ہے۔ مختلف علوم و فنون پر اس کی تصنیفات کی تعداد باسٹھ[۶۲] تک پہنچتی ہے[2]۔ اس عظیم دانشور کے بہت سے مخطوطات ہندوستان کی مختلف لائبریریوں میں محفوظ ہیں۔ ان میں خدا بخش لائبریری پٹنہ، رضا لائبریری رام پور اور آصفیہ حیدرآباد شامل ہیں۔

خدا بخش لائبریری میں قسطا کی تصانیف و تراجم کے چھ[۶] مخطوطات ملتے ہیں جن میں دو[۲] کا تعلق فنِ طب سے ہے اور بقیہ چار کا علم ہیئت سے۔ رضا لائبریری رامپور میں پانچ مخطوطات کی نشاندہی کی گئی ہے، جن میں ایک فنِ طب سے متعلق ہے اور بقیہ چار وہی ہیں جن کے دوسرے نسخے خدا بخش لائبریری میں محفوظ ہیں البتہ اس قدر فرق ضرور ہے کہ خدا بخش لائبریری کی مطبوعہ فہرست مخطوطات 'مفتاح الکنوز' ج ۳ میں ان کو بجا طور سے علم ہیئت کے ضمن میں درج کیا گیا ہے (رامپور کے مطبوعہ کیٹلاگ ج ۵ میں علم ہندسہ کے ذیل میں)۔ آصفیہ حیدرآباد میں جس ایک طبی مخطوط "کتاب فی تدبیر بدن فی سفر الحج[3]" کی نشاندہی کی گئی ہے وہی مخطوط رضا لائبریری رامپور میں بھی ہے۔ خدا بخش لائبریری کے دونوں طبی مخطوطے ان سے مختلف ہیں ــــــ خدا بخش لائبریری کے مخطوطات کا اجمالی تعارف درج ذیل ہے:

کتاب الاکر:۔ (ہینڈ لسٹ نمبر ۳۵۱۱) علم ہیئت سے متعلق یہ مخطوط ۵۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

۱- المنجد ۲- عیون الانباء فی طبقات الاطباء لابن ابی اصیبعۃ الجزء الاول ص ۲۴۵

۳- مطبوعہ فہرست آصفیہ ص ۸۶، ج ۲ میں اس کی تفصیل یوں درج ہے: "رسالہ مختصر بزبان عربی برای ابو محمد حسن بن مخلد تصنیف کردہ دران طریق حفظ صحت و علاج امراض کہ انسان را در سفر عارض شود و طبیب موجود نباشد بیان کردہ" مزید تحریر ہے:۔ "ابن طاؤس متوفی ۵۸۹ھ در کتاب خود کہ مسمی است بہ "الامان من اخطار الاسفار والازمان" لفظ بلفظ در باب ثالث عشر کتاب مذکور نقل نمودہ، چنانچہ در خاتمہ ہمیں رسالہ مذکور است۔"

اس کا اصل مصنف ثاوُ ذوسیوس الیونانی ہے۔ اس کے عربی ترجمہ کے فرائض دو مترجموں نے انجام دیے ہیں۔ مخطوطہ میں ہے کہ اس کے ترجمہ کی ذمہ داری ابوالعباس احمد بن المعتصم متوفی ۸۶۶ء نے قسطابن لوقا کو سونپی تھی۔[2] تعمیل حکم میں قسطا بن لوقا نے تیسرے مقالے کی پانچویں شکل تک کے تراجم کیے۔ اس کے بعد کا ترجمہ کسی اور نے کیا ہے (نام کی نشاندھی مخطوطہ میں نہیں کی گئی ہے) ترجمہ کی اصلاح کے فرائض مشہور حرّانی مترجم ثابت بن قرہ (۸۳۶ – ۹۰۱) نے انجام دیے ہیں۔

علم ہیئت سے متعلق یہ بیش قیمت مخطوطہ تین مقالات پر مشتمل ہے۔ پہلے مقالے میں ۲۲، دوسرے میں ۲۳ اور تیسرے میں ۱۴ شکلیں ہیں۔ شکلیں نہایت واضح اور صاف ہیں۔ امتدادِ زمانہ کا ان پر زیادہ اثر نہیں ہوا ہے۔ مخطوطہ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً دسویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

کتاب المساکن :- (ہینڈ لسٹ نمبر ۳۵۱۵) علم ہیئت سے متعلق یہ مخطوطہ ۱۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اصل مصنف ثاوُ ذوسیوس یونانی ہے جس کا عربی ترجمہ قسطا بن لوقا نے کیا ہے۔

مخطوطہ میں مختلف خطوں اور علاقوں میں سکونت پذیر لوگوں کے مسکن کا جائزہ لیا گیا ہے اور علم ہیئت کے مبادیات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے اثرات پر گفتگو کی گئی ہے ــــ مخطوطہ کے مطابق یہ ۱۲ شکلوں پر مشتمل ہے۔ دو شکلوں کی تشکیل و تفہیم کے مباحث تو ملتے ہیں لیکن ان کے بنانے کی جگہ خالی ہے۔ حواشی میں توضیحات بھی درج ہیں۔

مخطوطہ خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً دسویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

کتاب فی المطالع :- (ہینڈ لسٹ نمبر ۳۵۱۷) علم ہیئت سے متعلق یہ مخطوطہ ۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ اصل مصنف البسقلاؤس[3] ہے۔ جس کا عربی ترجمہ قسطا بن لوقا نے کیا ہے اور لسانی تصحیح مشہور مترجم ابویوسف یعقوب الکندی (متوفی ۸۷۳ء) نے کی ہے۔

مخطوطہ تین مقدموں، ایک صدر، اور دو شکلوں پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق ہے۔ کاتب کا نام

۱۔ مشہور ہندسی اور ریاضی داں جو اپنے اقلیدس سے زیادہ مرتبہ دیا جاتا ہے۔
۲۔ مطبوعہ فہرست مجلس مفتاح الکنوز میں اس کا مترجم ابوالعباس احمد بن المعتصم کو قرار دیا گیا ہے جو غلط ہے۔
۳۔ یونانی ریاضی داں جو اقلیدس کے بعد گزرا ہے۔

اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً دسویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

کتاب فی جرمی النیرین :۔ (ہینڈلسٹ نمبر ۳۵۲۰) علم ہیئت سے متعلق یہ مخطوط ۱۹ صفحات پر مشتمل ہے۔ اصل مصنف ارسطرخس ہے جس کا عربی ترجمہ قسطا بن لوقا نے کیا ہے۔ مگر مخطوط میں کہیں بھی ایسے اشارات نہیں ملتے جن سے اندازہ ہو سکے کہ اس کا مترجم قسطا بن لوقا ہی ہے۔ اسی مخطوط کا ایک اور نسخہ جو رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔ اس کو بھی قسطا بن لوقا ہی سے منسوب کیا گیا ہے (ارسطرخس اسکندریہ کا مشہور ماہر فلکیات ہے)

مخطوط میں اجرام سماویہ زیر بحث ہیں۔ تحریر ہے کہ چاند اپنی ضیا کے لئے سورج کا محتاج ہے۔ مخطوط کے آغاز میں ۱۶ شکلوں کی نشاندہی کی گئی ہے لیکن اس میں صرف ۱۵ شکلیں ہی ملتی ہیں اور ایک کی جگہ خالی ہے۔ مخطوط خط نستعلیق میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً دسویں صدی ہجری کا معلوم ہوتا ہے۔

کتاب فی حفظ الصحۃ وازالۃ المرض :۔ (ہینڈلسٹ نمبر ۲۱۵۲) فن طب سے متعلق یہ مخطوط ۲۸ صفحات پر مشتمل ہے اور فی الحال، فصول اور ناقص الآخر حالت میں ہے۔ اس میں فن کے مبادیات کو مد نظر رکھتے ہوئے معالجہ سے متعلق اطبا کی ذمہ داری اور حاضر دماغی، متقدمین اطبا، جالینوس، بقراط اور ابن سینا کے نظریات، نوعیت مرض اور مریض کے مزاج نیز ادویہ کے استعمال کے اوقات وغیرہ مباحث پر پُر مغز گفتگو کی گئی ہے۔

مخطوط مذکورہ کو قسطا بن لوقا کی تصنیف قرار دیتے ہوئے خدا بخش لائبریری کیٹلاگ ص۱۸ ج ۴ میں مخطوط کی بابت مندرجہ ذیل عبارت کی نشاندہی کی گئی ہے:۔

"کتاب فی حفظ الصحۃ وازالۃ المرض، لقسطا بن لوقا"

کیٹلاگ کے مطابق اس کے علاوہ اور کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ یہ قسطا بن لوقا کی ہی تصنیف ہے، کیونکہ اس طرح کا کوئی دوسرا نسخہ اب تک دریافت نہیں ہو سکا ہے۔

میں نے مخطوط کا بالاستیعاب مطالعہ کیا، لیکن مذکورہ بالا عبارت مجھے کہیں بھی نہیں ملی۔ نہ ہی یہ معلوم ہو سکا کہ کتاب کا اصل نام "کتاب فی حفظ الصحۃ وازالۃ المرض" ہے۔ ممکن ہے کیٹلاگ کے اختتام کی ترتیب کے وقت یہ عبارت مخطوط میں کہیں درج رہی ہو یا کوئی اضافی ورق اس طرف نشاندہی کرتا رہا ہو۔ لیکن فی الحال اس طرح کی کوئی عبارت یا تحریر اصل مخطوط یا کسی اضافی ورق میں نہیں ملتی اس لئے قسطا بن لوقا

کی طرف یقینی طور پر اس کا انتساب میرے خیال میں مبادیات تحقیق کے خلاف ہوگا۔ مزید اس کتاب کا ذکر تذکروں میں بھی نہیں ملتا مخطوط عربی خط نسخ میں ہے۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت تحریر نہیں ہے۔ تقریباً سترہویں صدی عیسوی کا معلوم ہوتا ہے۔

کتاب فی الوباء واسبابہ: ۔ (ہینڈ لسٹ نمبر ۲۱۵۳) فن طب سے متعلق یہ مخطوط ۲۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ مخطوطہ کی عبارت کے مطابق اس کو قسطا بن لوقا نے خوارزم شاہ ابوالعباس مامون بن مامون کے حکم سے تصنیف کیا تھا۔ اس میں متعدی امراض، ان کے اسباب اور تحفظی تدابیر کا بیان ہے۔ بعض مباحث میں اطبائے قدیم کے اقوال و نظریات سے بھی گفتگو کی گئی ہے۔ مباحث کی تفصیل درج ذیل ہے:

الجملة الاولى فى حاجة الانسان الى الهوا ولزوم الهوا اياه ابدا و مقدار تاثيره فيه

الجملة الثانية فى اختلاف الاهوية وانواع التغايير التى تعرض لها[1] واصناف الهوا الوبي والمضر لبدن الانسان[2] وانحاء مضارة[3] واسباب هذه الاشياء كلها۔

الجملة الثالثة فى معرفة كل واحد من هذه الانحا وتمييز بعضها من بعض، وتحصيل العلامات الدالة على واحد واحد منها۔

الجملة الرابعة فى تدبير جميع اصناف الوبا على الاطلاق وكل واحد منها خصوصا وتلاحق انذاره وتدبير الابدان الصحيحة حتى لا تقع[4] فيه ومعالجة قد وقع فيه۔

اس مخطوط کو خط نسخ میں الحسن بن علی الطبیب کے ربیع الاول ۷۴۹ھ کے کتابت کردہ ایک نسخہ سے محمد محمد الشربینی المطبب نے ۱۳ شعبان ۱۰۵۳ھ میں نقل کیا ہے۔ مخطوط کے آخر میں ابن ابی اصیبعہ کے الفاظ میں قسطا بن لوقا کی نامکمل سوانح حیات تحریر ہے۔

۱۔ تفصیل بحث میں "لہا" تحریر ہے۔ ۲۔ تفصیل بحث میں "بالبدن الانسانی" تحریر ہے۔ کیٹلاگ ص۱۴۱ "بالبدن الانسان" بغیر "یا" تحریر ہے۔ ۳۔ تفصیل بحث میں "ملیضرۃ" تحریر ہے۔
۴۔ کیٹلاگ ص۱۴۱ ج ۴ میں "یقع" "بالیا" تحریر ہے۔ حالانکہ مخطوط میں اجمالی اور تفصیلی دونوں بحث میں "تقع" "بالتا" تحریر ہے۔

رئیس نعمانی (لکھنؤ)

محسن کتابوں وغیرہ کے بارے میں

جرنل ۱۹ پیش نظر ہے:

ص ۷۶: شاہ رفیع الدین کی ایک کتاب کا نام "تکمیل الاذھان" چھپا ہے، عمران خاں صاحب کی کتاب میں بھی اسی طرح ہے اور غالباً یہ غلطی وہیں سے چلی ہے۔ شاہ رفیع الدین کی کتاب کا صحیح نام غالباً "تشحیذ الاذھان" ہے۔ تکمیل الایمان شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی کتاب کا نام ہے۔ عبیداللہ سندھی صاحب نے یہ مضمون اپنے کسی شاگرد کو املا کرایا ہوگا اور اس شاگرد کو التباس ہوا جس کو عمران خان صاحب نے مارک کئے بغیر شائع کر دیا۔ مندرجہ ذیل کتابوں کے نام محمد عمران خاں کے یہاں صحیح چھپے تھے، جرنل میں غلط چھپے ہیں:۔

ص ۷۷: سیوطی کی کتاب کا نام: المظھر کے بجائے المزھر؛ صدرئی غلط، صدرا صحیح (ص ۷۹ پر بھی اسی طرح)؛ شرح موافق غلط، شرح مواقف صحیح؛ تفسیر جامی غلط، صحیح نام تفسیر رمانی ہے۔

ص ۷۸: "الغایۃ الامانی" "المجموعۃ الرسائل" یہ دونوں پہلے "ال" کے بغیر صحیح ہیں یعنی "غایۃ الامانی" اور "مجموعۃ الرسائل"۔

ص ۸۰: "دار المعارف" میں "دار" کو "دَر" پڑھا جائے؛ خطبات مدارس میں مدارس کو مدراس؛ اور صراۃ المستقیم کو صراط مستقیم۔

داؤدی کی "طبقات المفسرین" (جرنل ص ۸۵) کے نسخے قاہرہ وغیرہ میں بھی ہیں۔ یہ ایڈٹ ہو کے دو جلدوں میں طبع بھی ہو چکی ہے۔

محبوب حسین صاحب نے (جرنل ص ۹۳) ایک کتاب کا نام "بلاغ المبین" لکھا ہے جو نا ثبار جبریہ کتاب کے ٹائٹل کی نقل مطابق اصل ہے۔ اس کو بھی صحیح کرنے کے لئے یا المبین سے "ال" ہٹانا ہوگا یا بلاغ پر بھی "ال" بڑھانا ہوگا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس کو شاہ رفیع الدین کی تصنیف بتایا گیا ہے۔ عرض یہ کرنا ہے کہ اس کتاب کے متعدد ایڈیشن مارکٹ میں آچکے ہیں اور سب پر نہیں تو اکثر پر شاہ ولی اللہ کا نام مصنف کی حیثیت سے چھپا ہے۔

دیوبند والوں نے اس کا اُردو ترجمہ بھی شاہ ولی اللہ ہی کی تصنیف سمجھ کر شائع کیا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب نہ شاہ ولی اللہ کی تصنیف ہے نہ ان کے بیٹے شاہ رفیع الدین کی۔ بلکہ اس کا مؤلف کوئی تیسرا شخص ہے۔

ص ۹۴۔ "کتاب الوصلہ الی الحبیب فی وصف الطیبات والطیب" اس نام میں آخری لفظ "الطیب" پر ہوٹی سی تشدید ط کے بجائے 'ی' تک کھسک گئی ہے۔

آپ نے تعارفی صفحہ پر میری تاریخ پیدائش (۱۹۵۰ء تقریباً) تحریر فرمائی ہے۔ عرض خدمت ہے کہ اسلامی مدارس، سررشتۂ تعلیم حکومت اترپردیش اور لکھنؤ یونیورسٹی وغیرہ کے ریکارڈ کی رو سے ۱۹۵۸ء صحیح ہے۔

○

بلاغ المبین کے بارے میں

محبوب حسین (پٹنہ)

بلاغ المبین کی ترکیب عربی لحاظ سے غلط ہے، 'البلاغ المبین' ہونا چاہیے مگر فارسی اور اُردو میں یہ ترکیب عام طور پر مستعمل ہے۔

میں نے مطبوعہ کتاب بلاغ المبین مع ترجمہ سراج السالکین منگا کر دیکھا وہاں بھی بلا الف لام بلاغ المبین ہی پایا۔ یہ کتاب شاہ ولی اللہ دہلوی کی ہے۔ مطبوعہ جید پریس 'بلیماراں' ۔ دہلی (ہینڈ لسٹ نمبر ۵۰۲۹)

دوسری بات اس سلسلے میں یہ ہے کہ اگر کوئی مؤلف اپنی کتاب کا نام ایسا رکھتا ہے جو قواعد عربی کے لحاظ سے درست نہ ہو تو مجھ کو یہ حق نہیں پہنچتا ہے کہ نام کی تصحیح کردوں۔ اسی طرح مؤلف کے نام میں عربی قاعدہ سے کوئی غلطی ہو، اُسے بھی درست کر دینے کا حق مجھے نہ ہوگا۔

●●

پروفیسر شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی (پٹنہ)

تصحیح و اضافہ

مسامحات مرآۃ العلوم (جلد سوم)

(۱) صفحہ ۳۔ کتاب نمبر ۳۲۸۹، حملہ سکندری: سلسلہ وار نمبر ۲۳۶۲ غلط۔ ۲۳۶۶ صحیح۔

(۲) صفحہ ۲۰۔ کتاب نمبر ۲۸۱۵، سفینۂ خوشگو: خانۂ کیفیت میں یہ اطلاع صحیح نہیں ہے کہ یہ تذکرہ شعرای متاخرین ہے جو مصنف کے معاصر تھے۔ یہ تین دفتروں پر مشتمل ہے۔ نسخۂ زیر بحث دفتر دوم ہے جو شعرائے متوسطین کے احوال میں ہے۔ (صرف تیسرا دفتر شعرائے متاخرین کے احوال میں ہے جو مصنف کے معاصر تھے۔ اس جلد سوم کا کتاب نمبر ۲۲۵ ہے جو بہت کمیاب ہے۔)

(۳) صفحہ ۲۳۔ کتاب نمبر ۳۳۲۴، کلمات الشعرا: خانۂ کیفیت میں اضافہ کیا جائے کہ "برای نسخۂ دیگر کتاب نمبر ۲۳۲"۔

(۴) صفحہ ۲۶۔ طبقۂ اولیٰ، شعرای متاخرین: اسے متقدمین پڑھا جائے۔

(۵) صفحہ ۲۹۔ کتاب نمبر ۳۶۵۹، خمسۂ خسرو: تیسری مثنوی کا نام لیلیٰ مجنوں کے بجائے مجنوں لیلیٰ پڑھا جائے۔ پانچویں مثنوی محذوف بتائی گئی ہے، یہ بھی صحیح نہیں ہے۔ پانچویں مثنوی خمسہ میں موجود ہے یعنی آئینۂ سکندری

(۶) صفحہ ۳۰۔ کتاب نمبر ۲۶۳۷، دیوان ابن یمین: فن کے خانہ میں ایضاً لکھ کر اسے مثنوی میں شمار کیا گیا ہے۔ صحیح لفظ دیوان ہونا چاہیے۔

(۷) صفحہ ۳۰۔ کتاب نمبر ۳۶۸۹، دیوان احمد جرم پوش: خانۂ کیفیت میں "برای نسخۂ دیگر، شمارہ ۳۰۶ کی

قرار جوع کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ یہ ہدایت صحیح نہیں ہے۔ یہ کتاب نمبر ۳۰۶ پرم پوش کے بجائے احمد جام کا دیوان ہے۔

(۸) صفحہ ۳۱ - کتاب نمبر ۲۳۵۷: خانۂ کیفیت کی عبارت "شمارہائے ۳۱۸ تا ۳۲۴" صحیح نہیں، ۳۲۴ کے بجائے ۳۲۵ پڑھا جائے۔

(۹) صفحہ ۳۱ - کتاب نمبر ۲۴۸۹، دیوان عبدالقادر جیلانی: یہ انتساب صحیح نہیں ہے۔

(۱۰) صفحہ ۳۱ - کتاب نمبر ۲۹۹۴، دیوان معین الدین چشتی اجمیری: یہ انتساب بھی صحیح نہیں ہے۔

(۱۱) صفحہ ۳۲ - کتاب نمبر ۲۳۶۸، فہرست نگار نے اسے دیوان حافظ قرار دیا ہے، پھر صفحہ ۶۸ پر اسی کتاب کو ۲۳۶۸ب قرار دیا ہے، اوّل الذکر کے ۱۷۶ ورق لکھے ہیں، آخرالذکر کے ۱۶۹۔ حقیقت یہ ہے کہ دونوں حصّے مل کے ایک کتاب ہوتی ہے۔ کتابت کی ندرت یہ ہے کہ سیدھے ہاتھ کے صفحے پر کاتب نے دیوان حافظ کی کتابت کی ہے اور اس کے مقابلے میں اُلٹے ہاتھ کے صفحے پر دیوان قاسم انوار لکھا ہے۔ اسی طور سے از اوّل تا آخر اسی ترتیب کے ساتھ دونوں کتابیں دیوان حافظ اور دیوان قاسم انوار اس ایک مجلّد میں موجود ہیں اس لیے نصف اوّل کو دیوان حافظ اور نصف ثانی کو دیوان قاسم انوار قرار دینا صحت سے دور ہوگا، فہرست نگار کو مغالطہ ہوا ہے۔

(۱۳) صفحہ ۳۴ - کتاب نمبر ۲۳۹۹، شرح دیوان خاقانی: خانۂ کیفیت میں اس اطلاع کا اضافہ ہونا چاہئے کہ "برائے نسخہائے دیگر کتاب نمبر ۳۳۲ و ۳۲۳" دیکھی جائیں۔

(۱۴) صفحہ ۳۴ - کتاب نمبر ۲۸۲۵، نام کتاب دیوان سنائی۔ فہرست نگار نے مصنّف کا نام ابوالمجد مجدود بن آدم سنائی الغزنوی بتایا ہے۔ یہ انتساب غلط ہے۔ دراصل یہ دیوان سنائی غزنوی کا نہیں بلکہ ثنائی مشہدی کا ہے جس کا نام خواجہ حسین تھا۔ ثنائی مشہدی کا ایک دوسرا مخطوطہ نمبر ۲۴۸۴ یہاں موجود ہے، تعداد اوراق ۶۶، سطر ۱۶ صحیح نہیں۔ اوراق ۷۰ ہیں اور سطر ۱۷۔ کتابت سنہ ۴۹ جلوس عالمگیر قرار دی گئی ہے۔ حالانکہ یہ سنہ کتابت نہیں بلکہ اس سال محمد غوث نے لالہ ۔۔۔ رام کو یہ کتاب عنایت کی جو اسے فتح قلعہ ۔۔۔ حیدرآباد میں حاصل ہوئی تھی۔ کیفیت میں "برای نسخۂ دیگر بہ شمارہ ۳۴۰ رجوع کنید" کی جگہ یہ عبارت پڑھیے: "برای نسخۂ دیگر بہ شمارہ ۲۴۸ رجوع کنید"

(۱۵) صفحہ ۳۵ - کتاب نمبر ۲۹۷۰، دیوان ظہیر: سنہ کتابت ۱۲۳۲ عملی: عملی کو فصلی پڑھا جائے۔

(۱۶) صفحہ ۳۶ - کتاب نمبر ۲۹۵۹، رسالہ شمس تبریز: شمس تبریز کی طرف اس کا انتساب صحیح نہیں۔ مصنف اور عنوان دونوں نامعلوم ہیں۔ علاوہ ازیں اس مجلد میں سب سے پہلے تو ایک قصیدۂ رائیہ یوسف گدا کا ہے اس کے بعد ایک قصیدہ عین القضاۃ کا۔

اس مخطوطے کو رسالہ شمس تبریز سمجھنا غلط ہے۔ اس میں مختلف منظوم رسالے ہیں۔ پہلا منظوم رسالہ ایک "قصیدۂ رائیہ" ہے جس میں تمہید کے بعد مدح قطب عالم شیخ نصیر الحق ہے اور پھر ۲۰ ابواب بر احکام شریعہ؛ دوسرا قصیدۂ حضرت عین القضات ہمدانی ہے؛ تیسرا ایک مثنوی ہے جو ۱۰ فصلوں پر مشتمل ہے اور جن میں مسائل تصوف بیان کیے گئے ہیں۔

(۱۷) صفحہ ۳۶ - کتاب نمبر ۲۷۸۸ "سام نامہ": خانۂ کیفیت میں یہ عبارت آنی چاہیے "برای نسخۂ دیگر کتاب نمبر ۱۸۱۳ کو دیکھا جائے"۔

(۱۸) صفحہ ۳۸ - کتاب نمبر ۲۷۷۰ (الف) شاہنامہ: خانۂ کیفیت میں نسخۂ دیگر کا نمبر ۳۵۹ کے بجائے ۳۵۸ ہونا چاہیے۔

(۱۹) صفحہ ۳۹ - کتاب نمبر ۳۵۷۴: منتخب شاہنامہ: اس ایک جلد میں دو کتابیں مجلد ہیں۔ ایک منتخب شاہنامہ جو در اصل تاریخ شمشیر خانی ہے اور دوسری ہجو حضرت سلطان محمود (ق ۶ سطر ۱۵) یہ وہی ہجو ہے جو محمود شیرانی کی تحقیق سے قبل فردوسی سے منسوب کی جاتی تھی۔

(۲۰) صفحہ ۳۹ - سلسلہ وار نمبر ۲۶۲۱ نام کتاب منتخب شاہنامہ۔ کتاب کا شمارہ ۳۵۷۱ غلط۔ صحیح ۳۵۷۶۔ اس کا پروگریس نمبر ۲۱۸۹۲ غلط - ۲۱۸۹۱ صحیح۔

(۲۱) صفحہ ۴۰ - کتاب نمبر ۳۹۵۱: منتخب شاہنامہ: خانۂ کیفیت میں بھی "ایضاً" لکھ کر اسے مثنوی قرار دیا گیا ہے۔ جبکہ خانۂ کیفیت میں اسے صاف لکھا ہے کہ "کتاب در نثر فارسی" ہے۔ ظاہر ہے پھر مثنوی قرار دینا صحیح نہیں ہے۔

(۲۲) صفحہ ۴۰ - کتاب نمبر ۲۹۳۳ الف کے بجائے غلطی سے ۱۹۳۳ درج ہو گیا ہے۔ نام بھی "کلیات سعدی" غلط ہے صحیح نام "دیوان طیبات" ہے۔ مصنف سعدی ہیں۔

(۲۳) صفحہ ۴۰ - کتاب نمبر ...۴۰ - نام کتاب خلاصۂ شاہنامہ - اس کتاب کا اصل نام "پرخاش نامۂ عجم" ہے۔ فہرست نگار نے مصنف کا نام نہیں بتایا۔ مصنف کا نام وزیر علی عبرتی عظیم آبادی ہے۔

(۲۴) صفحہ ۴۱ - کتاب نمبر ۲۷۸۵: یہ مجموعۂ قصائد ہے جو ۴۶ پارہای منظوم پر مشتمل ہے۔ فہرست نگار نے جملہ قصائد کو باستثناء ۲۳ (ترکیب بند) مثنوی بتایا ہے اور صرف ۱ کو قصیدہ لکھا ہے۔ مزید براں ۲۰ قصیدہ در ولایت حضرت علی کا انتساب شمس تبریزی کی طرف کیا ہے۔ شمس تبریز شاعر تھے!

(۲۵) صفحہ ۴۱ - کتاب نمبر ۴۰۷۴ (۳)، "ماقیما": صحیح نام "مامقیمان" ہے۔ اسے سعدی کی تصنیف قرار دیا ہے۔ یہ بھی غلط ہے۔ اس کتابخانے کے کتاب نمبر ۱۱۶۵ پر اس کا اندراج موجود ہے اور مصنف کا نام علاؤالدین اوحدی لکھا ہے۔ انگریزی توضیحی کیٹلاگ جلد ۳۱ میں بھی کتاب نمبر ۱۸۶۹ کے تحت (ص ۱۳۶) اس کتاب کی

تفصیل موجود ہے اور مصنف کی بھی! موجودہ فہرست نگار نے خود بھی اسکی تقلید میں ص ۴۲ پر علاؤ الدین سے منسوب کیا ہے

(۲۶) صفحہ ۴۹۔ کتاب نمبر ۲۷۸۶۔ کلیات سعدی۔ فہرست نگار نے اسے منظومات میں شامل کیا ہے۔ حالانکہ اس میں سعدی کے مختلف نثری رسالے ہیں۔ منظومات کی فہرست سے اسے کالعدم سمجھا جائے اور اسی طرح کیفیت ۱۲

(۲۷) صفحہ ۵۰۔ کتاب نمبر ۴۲۶۰، کتاب نمبر ۳۹۷۰ اور کتاب نمبر ۴۰۰۳ ہے۔ کتاب کا نام 'مجنوں لیلیٰ' ہونا چاہیے۔ 'لیلیٰ مجنوں' غلط ہے۔

(۲۸) صفحہ ۵۱۔ کتاب نمبر ۱۸۴۴، مثنوی ابن عماد: فہرست میں اس مثنوی کو عماد الدین فقیہ کرمانی سے منسوب کیا گیا ہے، جو غلط ہے۔ اس کا مصنف عماد خراسانی ہے، جس نے شیراز میں اپنی زندگی بسر کی۔ اس کا ایک دیوانِ غزلیات بھی ہے اور ایک دہ نامہ بھی اس نے لکھا ہے، ملاحظہ ہو 'تذکرہ دولت شاہ و دہخدا'۔

(۲۹) صفحہ ۵۱۔ کتاب نمبر ۴۰۲۳ و کتاب نمبر ۴۰۶۳: کتاب کا نام یہاں بھی مامقیماں کے بجائے مامقیما درج ہے۔ ساتھ ہی فن میں ایضاً لکھ کر اسے مثنوی قرار دیا گیا ہے۔ جبکہ یہ ترکیب بند ہے۔ مصنف حسب دستور سعدی کو قرار دیا گیا ہے۔ جبکہ خود فہرست نگار نے ص ۴۲ پر علاؤ الدین کی طرف منسوب کیا ہے۔

(۳۰) صفحہ ۵۱۔ کتاب نمبر ۲۳۲۱، آئینۂ سکندری: خانۂ کیفیت میں اضافہ کیا جائے: "برائے نسخۂ دیگر کتاب نمبر ۲۹۷" دیکھئے۔

(۳۱) صفحہ ۵۱۔ کتاب نمبر ۳۰۷۳۵، مجموعۂ قصائد: صحیح یہ ہوگا "یہ مجموعۂ مثنویات عطار" ہے۔

(۳۲) صفحہ ۵۵۔ کتاب نمبر ۲۷۰۲، نمبر ۲۷۲۷، نمبر ۲۸۰۱، نمبر ۲۸۰۲، نمبر ۲۸۰۳، نمبر ۲۳۶۲: یہ تمام نسخے مثنوی نہیں، شرح ہیں۔

(۳۳) صفحہ ۵۶۔ کتاب نمبر ۲۹۲۹: اسے شرح مثنوی لکھنا نادرست ہے۔ یہ انتخاب مثنوی ہے۔

(۳۴) صفحہ ۵۶۔ کتاب نمبر ۳۶۷۵: یہی صورت اس کی بھی ہے کہ یہ شرح نہیں انتخاب مثنوی ہے۔

(۳۵) صفحہ ۵۶۔ کتاب نمبر ۲۲۸۲، کتاب نمبر ۳۷۰۶، کتاب نمبر ۳۷۰۳۔ یہ تینوں بھی مثنوی کی شرح نہیں مثنوی کا انتخاب ہے۔

(۳۶) صفحہ ۵۶۔ کتاب نمبر ۲۹۷۳، یہ بھی شرح نہیں۔ مجموعۂ اشعار ہے۔

(۳۷) صفحہ ۵۷ - کتاب نمبر ۲۹۳۳/۲ : کتاب کا نام فہرست نگار نے 'مطلع الانوار' لکھا ہے، جو خسرو دہلوی کی تصنیف ہے۔ یہ اندراج غلط ہے۔ کتاب مذکور 'تحفۃ الاحرار' ہے جس کے مصنف جامی ہیں۔

(۳۸) صفحہ ۵۷ - کتاب نمبر ۲۴۷۸ (۳) 'غزلیات عطار' : غزلیات کو مثنوی کے تحت مندرج کرنا صحیح نہیں۔

(۳۹) صفحہ ۵۷ - نمبر کتاب ۲۳۹۱ - نام کتاب منطق الطیر، سورۂ یٰسین - اس مخطوطے میں منطق الطیر کا نامکمل نسخہ ہے۔ اس کے علاوہ اس میں صرف سورۂ یٰسین ہی نہیں بلکہ پورا پنجسورہ نہایت خوشخط 'خط نسخ' میں لکھا ہوا ہے جس کو منطق الطیر کے ساتھ مجلد کردیا گیا ہے۔

(۴۰) صفحہ ۵۸ - کتاب نمبر ۲۴۷۸، ذیلی نمبرات ۴ تا ۱۳ : قصاید کمال، ترجیعات رازی، غزلیات عطار، غزلیات سلمان، غزلیات حافظ، غزلیات سعدی، غزلیات خسرو، غزلیات کمال، غزلیات ناصر، اور غزلیات عراقی کا فن مثنوی قرار دینا محض غلط ہے۔

(۴۱) صفحہ ۵۹ - کتاب نمبر ۲۵۰۷ - نام کتاب "ہفت بند کاشی"۔ کاتب کا نام فہرست نگار نے سید امیر علی بتایا ہے، حالانکہ یہ اس مخطوطے کے مالک کا نام ہے جس کی مُہریں بھی ثبت ہیں۔ فن کے کالم میں اس کو 'مثنوی' بتایا گیا ہے۔ حالانکہ اس نظم کی صنف نام ہی سے ظاہر ہے۔

(۴۲) صفحہ ۵۹/۶۰ - کتاب نمبر ۳۴۵۸، نمبر ۳۴۶۰، نمبر ۳۴۸۶، نمبر ۳۵۰۱، نمبر ۴۰۳۲، اور نمبر ۴۱۰۲ - ان سب نمبروں پر ہفت بند کاشی ہے، ہفت بند کو مثنوی شمار کرنا نادرست ہے۔

(۴۳) صفحہ ۶۰ - کتاب نمبر ۴۱۰۲ - نام کتاب "ہفت بند کاشی" اس کتاب کا نام مجموعۂ مناقب جناب امیر علی ہے۔ اس میں صرف ہفت بند کاشی ہی نہیں ہے بلکہ اور بھی چند ہفت بند ہیں اور دیگر شعرا کے لکھے ہوئے مناقب بھی ہیں۔

(۴۴) صفحہ ۶۰ - کتاب نمبر ۴۰۳۲ - نام کتاب "ہفت بند کاشی"۔ کیفیت کے کالم میں یہ عبارت بڑھائیے :
"دراصل یہ کتاب دیوان کلیم ہے۔ اس مخطوطے کے آخر میں 'ہفت بند کاشی' بھی مجلد ہے۔" دیوان کلیم کا مستقلاً اپنی مناسب جگہ پر بھی اندراج ہونا چاہیے۔

(۴۵) صفحہ ۶۲ - کتاب نمبر ۲۸۶۶ (۶) 'ترجیع بند سعدی' : اس ترجیع بند کو بھی غلطی سے مثنوی شمار کیا گیا ہے۔

(۴۶) صفحہ ۶۲ - کتاب نمبر ۲۸۷۴ (۱)، ترکیب بند حسن دہلوی : ترکیب بند کو مثنوی لکھنا صحیح نہیں۔ مزید برآں

اس نسخہ میں غزلیات قتیل و جہاندار شاہ بھی موجود ہیں جن کا مطلق تذکرہ نہیں کیا گیا۔ یہ ترکیب بند سحر البیان کے مصنف میر حسن کی تصنیف ہے اور اردو میں ہے۔ فارسی فہرست میں اس کا اندراج کس طرح سے ہوا۔

(۴۹) صفحہ ۶۲ - کتاب نمبر ۲۵۲۶ (۱)، دیوان سنائی: دیوان کو مثنوی قرار دینا نادرست ہے۔

(۵۰) صفحہ ۶۲ - کتاب نمبر ۲۸۷۸ (۳)، غزل شمس تبریز: اس کا مصنف شمس تبریز کو قرار دینا صحیح نہیں۔ جلال الدین رومی لکھنا چاہیے۔

(۵۱) ص ۶۲ - کتاب نمبر ۲۳۷۰، قران السعید: صحیح نام قران السعدین ہے۔ اس مجلد میں دیوان ریاضی سمرقندی (م ۸۸۴ھ) بھی ہے جس کا اندراج ہی نہ ہوا۔ اوراق ۲۲، سطر ۱۵۔

(۵۲) صفحہ ۶۴ - کتاب نمبر ۳۸۴۴، خاور نامہ: پوری تفصیل یوں ہونی چاہیے "خاور نامہ، حصہ دوم"۔

(۵۳) صفحہ ۶۵ - کتاب نمبر ۲۵۶۴، دیوان اہلی: صحیح نام کلیات اہلی چاہیے۔

(۵۴) صفحہ ۷۰ - کتاب نمبر ۲۳۵۴، کتاب نمبر ۳۴۴۱، کتاب نمبر ۳۷۳۶ سبحۃ الابرار جامی: فن غزلیات لکھا ہے، صحیح مثنوی ہے۔

(۵۵) صفحہ ۷۰ - کتاب نمبر ۳۸۳۳، سحر حلال: کاتب کا نام نور الحسن درج کیا گیا ہے۔ فہرست نگار کو غلط فہمی ہوئی۔ نور الحسن کاتب نہیں مالک کتاب ہے۔ کاتب کا نام کتاب میں سرے سے ہے ہی نہیں۔

(۵۶) صفحہ ۷۰ - کتاب نمبر ۴۰۵۱، سحر حلال: یہ کتاب مخطوط نہیں مطبوعہ ہے جو ۱۲۶۰ھ میں طبع ہوئی۔ دلپذیر حروف طباعت کے سبب سے یہ اشتباہ ہوا۔ حالانکہ پہلے صفحہ پر ہی صاف درج ہے کہ یہ نسخہ مطبوعہ اس مخطوط نسخہ پر مبنی ہے جس کی کتابت محمد حسین نے ۱۲۵۸ھ میں کی۔

(۵۷) صفحہ ۷۴ - کتاب نمبر ۲۳۶۹، کلیات اہلی: یہ اہلی نہیں ہے۔ رباعی کا کلیات ہے۔ سرورق پر صلاح الدین خدابخش نے اپنے قلم سے کتاب اور مصنف دونوں کی تفصیل لکھی ہے۔

(۵۸) صفحہ ۷۴ - کتاب نمبر ۲۵۵۷، مثنوی اہلی: کتاب کا اصل نام مثنوی سحر حلال چاہیے۔

(۵۹) صفحہ ۸۴ - کتاب نمبر ۳۷۲۴، دیوان حسن: یہ غلام حسن بیتھوی کا دیوان ہے۔ دوسرا نسخہ نمبر ۲... پر موجود ہے۔

(۶۰) صفحہ ۸۶ - کتاب نمبر ۲۴۸۵، دیوان صائب: سنہ کتابت ۱۰۰۲ھ لکھا ہے جو صحیح نا ممکن ہے کہ صائب نے ۱۰۸۰ھ یا بروایت دیگر ۱۰۸۵ھ میں وفات پائی۔ واقعتہً کتابت میں سنہ کتابت ۱۰۹۴ھ موجود ہے۔

(٦١) صفحہ ۹۹ - کتاب نمبر ۳۰۴۴ ، گلستانِ عشق : مصنف سید شاہ غلام حسن ساکن بیتھو (گیا) ، صاحب دیوان فارسی ہیں ، دیکھئے خدا بخش لائبریری کا جرنل ۱۲ - دیوان حسن بیتھوی کے دو قلمی نسخے نمبر ۱۹۰۲ ، اور نمبر ۴۲-۳۷ پر موجود ہیں -

(٦٢) صفحہ ۱۰۲ ، کتاب نمبر ۳۹۲۲ ، مولود شریف مع غزوات و معجزات : یہ کتاب فارسی نہیں اردو نظم میں ہے - اس فہرست کے بجائے اس کا صحیح مقام اردو مخطوطات کی فہرست میں ہے -

(٦٣) صفحہ ۱۲۵ ، کتاب نمبر ۲۴۹۴ : ریاض الحروف (ابرتی) : خانۂ کیفیت میں نسخۂ دیگر کی اطلاع ہے کہ نمبر ۲۵۰۵ دیکھا جائے یہ غلط ہے ۲۵۰۷ ہونا چاہئے - اسی فہرست میں ریاض الحروف کے دو نسخے اور بھی پائے جاتے ہیں - ملاحظہ ہو ص ۱۳۲ کتاب نمبر ۲۹۴۶ و کتاب نمبر ۴۱۰۳ -

(٦٤) صفحہ ۱۳۸ ، کتاب نمبر ۲۹۸۶ ، کلمات الشعرا : خانۂ فن میں اسے 'عروض' لکھا ہے ، صحیح تذکرۂ شعرا - دیکھئے ص ۲۲ کتاب نمبر ۳۳۶۴

(٦٥) ص ۱۳۹ ، کتاب نمبر ۳۹۶۷ ، نصاب عروض - فن نحو غلط - صحیح عروض -

(٦٦) صفحہ ۱۳۹ - کتاب نمبر ۲۶۳۲ (۲) ، عروض سیفی : فن نحو غلط ، عروض صحیح -

(٦٧) صفحہ ۱۳۹ - کتاب نمبر ۲۷۳۸ (۱۰) ، مجمع الصنائع : اسے فن نحو میں شمار کرنا غلط ہے ، صحیح فن صنائع بلاغت

(٦٨) صفحہ ۲۱۸ - کتاب نمبر ۳۰۶۹ : کتاب کا نام "جواب مکتوب شیخ شرف الدین احمد یحیٰی منیری" غلط ہے - یہ حضرت شرف الدین احمد کے ۲۸ مکتوبات ہیں جو مظفر شمس کے مکتوبات کے جواب میں لکھے گئے - خانۂ مصنف میں کسی مصنف کا نام نہیں دیا گیا ہے -

(٦٩) صفحہ ۲۳۶ - کتاب نمبر ۲۴۶۳ ، کتاب نمبر ۲۶۲۶ ، کتاب نمبر ۳۰۰۸ اور ص ۲۸۵ پر کتاب نمبر ۳۷۱۱ : مکتوبات صدی کے ان چاروں نسخوں کے بیان میں خانۂ مصنف میں زین بدر عربی درج کیا ہے ، جبکہ خانۂ کیفیت میں انھیں 'جامع مکتوبات' لکھا ہے - جامع کو مصنف قرار دینا درست نہیں - خانۂ کیفیت میں دوسرے نسخوں کی اطلاع کے ذیل میں کتاب نمبر ۱۳۹۱ تا ۱۳۹۶ کا حوالہ ہے - ۱۳۹۱ غلط ہے ، ۱۳۹۲ صحیح -

(٧٠) صفحہ ۲۷۰ - کتاب نمبر ۴۰۷۰ ، ۲۸ ، ترکیب میر حسن دہلوی : صحیح ترکیب بند - یہ وہی کتاب ہے جو ص ۶۲ پر کتاب نمبر ۴۲۸۰ (۱۱) کے طور سے درج ہے ، جہاں اسے مثنوی کے فن میں ڈالا گیا ہے - لیکن یہاں فن ادب قرار دیا گیا ہے - وہاں خط نستعلیق لکھا ہے ، یہاں شکستہ - یہ امر بھی قابل ذکر تھا کہ اس نسخہ میں قتیل اور جہاندار کی غزلیں بھی منقول ہیں - دلچسپ بات یہ ہے کہ اس ص ۱۰۱ پر نمبر ۲۸۷۲ (۲) کرکے اس نسخہ کا مصنف مرزا حسن قرار دیا گیا ہے -

کتاب کا نمبر ۲۸۷۲ (۲) دیا گیا ہے اور تعداد اوراق ۱۹، سائز بھی مختلف ہے، گویا ایک کتاب کا ۳ جگہ اندراج ہے اور تینوں جگہ بیانات مختلف طور سے ہیں، جس سے گمان ہوتا ہے تین مختلف کتابیں ہیں، جبکہ حقیقۃً ایسا نہیں ہے۔ مندرجہ ذیل تفصیل سے یہ نکتہ واضح ہو جائے گا۔

صفحہ نمبر	نام کتاب	نمبر کتاب	مصنف	فن	سنہ کتابت	تعداد اوراق	پیمانہ	خط	پروگریس نمبر
۶۲	ترکیب بند حسن دہلوی	۲۲۷۳ / ۱	–	مثنوی	۱۲ ذی الحجہ	۱۰	۱۳ × ۲۳ / ۱۱ × ۲۲	نستعلیق	۶۱۴۸
۱۰۱	ترکیب بند	۲۸۷۲ / ۲	مرزا حسن	–	۱۲۹۷	۱۹	۱۵ × ۲۴ / ۱۱ × ۱۹	شکستہ	۶۱۴۶ / ۲
۲۷۱	ترکیب (کذا) میر حسن دہلوی	۲۸۷۳	–	ادب	۱۳ و	۱۰	۱۳ × ۲۳ / ۱۱ × ۲۲	شکستہ	۶۱۴۸

صفحہ ۱۱- کتاب نمبر ۲۴۵۸- خسرو شیریں مصنفہ نظامی۔ یہ مثنوی حقیقۃً خسرو کی 'شیریں خسرو' ہے۔ خط بھی شکستہ نہیں نستعلیق ہے۔

صفحہ ۲۹- کتاب نمبر ۲۰۷۶- 'خسرو شیریں'۔ کیفیت میں اضافہ ہوگا: "ناقص الطرفین"۔

صفحہ ۳۵- کتاب نمبر ۴۰۶۴- اسمائے کتب کے کالم میں 'دیوان محمود' کے بدلے 'محمود نامہ' پڑھیے۔

صفحہ ۳۶- کتاب نمبر ۲۹۸۷- سفر نامہ سکندر۔ فہرست میں تعداد اوراق ۴۵ - صحیح ۱۰۵-

صفحہ ۴۰- کتاب نمبر ۲۷۶۴- قران السعدین - فہرست میں تعداد اوراق ۸۶- صحیح ۵۶-

صفحہ ۴۸- کتاب نمبر ۲۱۰۳ کلیات خاقانی - فہرست میں تعداد اوراق ۱۲۱- صحیح ۲۲۸

صفحہ ۵۱- کتاب نمبر ۳۴۸۱- نام کتاب مثنوی ابن عماد- نام مصنف کے کالم میں عماد الدین فقیہ کرمانی غلط، مصنف کا نام ابن عماد خراسانی۔ یہ مثنوی 'دہ نامہ' کے نام سے بھی مشہور ہے۔

صفحہ ۵۶- کتاب نمبر ۲۵۹۷- نام کتاب مختار نامہ مع پنجگانہ - دراصل یہ کتاب نامکمل ہے۔ آخری صفحہ پر اطلاع ہے کہ 'مختار نامہ مع پنجگانہ مقدم'۔ یعنی مختار نامہ سے پہلے پانچ کتابیں (مثنویاں) کا ہونا تھا۔ یہ پانچ کتابیں غالباً عطار کی مثنویاں ہی ہوں گی۔ اسی لئے کہ مختار نامہ سے پہلے ایک مثنوی ... کے نام سے موجود ہے دوسری مثنوی 'منطق الطیر' کا صرف ایک ... ہے بقیہ کتابوں کا کوئی پتا نہیں۔ ان سب باتوں کا کیفیت کے کالم میں اندراج ضروری تھا۔ دوسری بات یہ کہ اوراق بھی غیر مرتب طور پر مجلد ہو گئے ہیں۔

صفحہ ۶۱- کتاب نمبر ۲۷۵۶- نام کتاب حق ... اسمائے مصنفین کے کالم میں ... یعنی عطار ... محمود ... اور شرف الدین عطار ... لکھے۔

۴۱ صفحہ ۲۸ - کتاب نمبر ۳۸۳۲ - نام کتاب "تحفۃ العراقین"، فہرست نگار نے کاتب کا نام نور الحسن خان بتایا ہے۔ ترقیمہ میں حسب ذیل عبارت ہے: "۱۲۱۲ھ مطابق ۱۲۰۲ فصلی در مقام کوات مالکانہ سید نور الحسن خاں بہادر مرحوم مغفور تحریر نمودہ شد" کوئی کاتب اپنے کو مرحوم و مغفور نہیں لکھ سکتا۔ کاتب کوئی دوسرا ہے جس کا نام معلوم نہیں۔

۴۲ صفحہ ۳۱ - کتاب نمبر ۴۰۸۲، نام کتاب دیوان احمدی - فہرست نگار نے مصنف کا نام احمدی لکھا ہے۱۔ یہ دیوان بھی ماقبل دیوان کی طرح حضرت مخدوم چرم پوش کا ہے۔ ان کا تخلص احمد بھی تھا اور احمدی بھی۔

۴۳ صفحہ ۳۳ - کتاب نمبر ۲۹۰۷، نام کتاب دیوان حافظ - کیفیت کے خانے میں ناقص الآخر کا اضافہ کیجئے۔

۴۴ صفحہ ۴۱ - کتاب نمبر ۴۰۰۴، اسمائے کتب کے کالم میں اس مجلد میں فہرست نگار نے چار کتابیں بتائی ہیں: (۱) قصاید ظہیر (۲) پندنامہ عطار (۳) مامقیما (کذا) مصنفہ سعدی شیرازی (کذا) (۴) مثنوی (نام ندارد)۔ حقیقت یہ ہے کہ اس جلد میں صرف پہلی کتاب قصاید ظہیر ہے اور (احمد حسین آزاد، جرنل ۱۱۰)

۴۵ صفحہ ۴۸ - کتاب نمبر ۲۹۵۳، نام کتاب قصاید و حکایات - فہرست نگار نے کتاب کا نام غلط لکھا ہے۔ یہ سرے سے قصاید میں ہی نہیں۔ مثنویات میں حکایتیں منظوم ہیں۔ سنہ کتابت کے خانے میں ایضاً لکھا ہے، جس سے مستنبط ہوتا ہے کہ ماقبل کتاب کی طرح یہ بھی ۱۲۴۱ف میں لکھی گئی۔ حالانکہ کتاب میں تاریخ کتابت درج نہیں۔ غرض کالم میں بھی قصاید کی غلط نشاندہی ہے۔ مصنف کا نام نہیں لکھا حالانکہ مصنف نے اپنا نام عبدالستار خاں بن شہباز خاں اور تخلص عبدی بتایا ہے۔

۴۶ صفحہ ۵۹ - کتاب نمبر ۳۴۳۵، نام کتاب "نام حق"، اس مجلد میں اور کتابچے ہیں۔ مثلاً: کریما، مامقیمان، آمدنامہ وغیرہ۔ مصنف کے کالم میں ایضاً بتایا ہے جس سے مستنبط ہوتا ہے کہ نام حق کا مصنف عطار ہے۔ حالانکہ مصنف شرف الدین بخاری ہیں۔

۱- (جرنل ۱۲ ص، [illegible])

(۷۷) صفحہ ۵۹ - کتاب نمبر ۲۷۰۴ - نام کتاب ہشت بہشت - اضافہ کیا جائے کہ اس کتاب کے ساتھ مثنوی دیول رانی وخضر خاں بھی موجود ہے۔

(۷۸) صفحہ ۶۳ - کتاب نمبر ۲۷۷۷/۲، کتاب کا نام 'پند نامہ و مثنوی' ـــــــــــ حقیقتاً یہ مثنوی نان وحلوا ہے اور اب اسکا شمارہ ۲۷۷۷/۳ ہے - اور اس کا مصنف بہاؤالدین عاملی ہے۔

(۷۹) صفحہ ۶۳ - کتاب نمبر ۲۳۴۲ - نام کتاب 'تحفۃ الاحرار' ہے - سال کتابت کے کالم میں ۸۸۶ھ درج ہے۔ حالانکہ یہ مثنوی کی تصنیف کا سال ہے۔

(۸۰) صفحہ ۶۶ - کتاب نمبر ۴۰۹۲ - نام کتاب 'دیوان حیدر' فہرست میں اس کا نمبر ۴۰۹۲ ہے۔ مگر یہ غلط اندراج ہے۔ کتاب کا صحیح نمبر ۲۴۰۹ ہے - پر دوسرا نمبر بھی غلط درج ہے (۵۶۸۴۲) صحیح نمبر ۵۶۸۴ ہے۔

(۸۱) صفحہ ۶۷ - کتاب نمبر ۲۳۵۲، نام کتاب 'دیوان وحشی' فہرست نگار نے پوری کتاب پر نظر نہیں ڈالی۔ اس میں کلام وحشی کے علاوہ دو مثنویاں عرفی کی بھی ہیں (فرہاد وشیریں و مجمع الابکار) 'فرہاد وشیریں' کے خاتمہ پر سنہ کتابت ۱۰۷۳ھ درج ہے اور چونکہ تینوں کتابیں ایک ہی کاتب کی لکھی ہوئی معلوم ہوتی ہیں اس لیے قیاس کیا جاتا ہے کہ دیوان وحشی کی بھی کتابت شاید اسی سنہ کی ہو۔

(۸۲) صفحہ ۶۹ - کتاب نمبر ۲۴۳۸ - نام کتاب 'دیوان محتشم کاشی' - دراصل یہ بیاض مراثی ہے اور اس میں ہفت بند کاشی بھی ہے' مگر 'ہفت بند' کا مصنف 'کاشی' کمال الدین حسن کاشی ہے، نہ کہ محتشم کاشی۔ اس کو دیوان سمجھنا بھی غلط ہے اور فن میں غزلیات کا اندراج دکھانا بھی غلط۔ نسخۂ دیگر کے لیے جو حوالہ دیا گیا ہے وہ بھی غلط ہو گیا۔

(۸۳) صفحہ ۷۰ - کتاب نمبر ۳۳۵۴، ۳۴۴۱، ۳۷۳۶ - ان تینوں کتابوں کے فن کے کالم میں غزلیات درج ہے۔ ان کو مثنوی ہونا چاہیے۔

(۸۴) صفحہ ۷۱ - کتاب نمبر ۳۴۸۴ - نام کتاب قصاید ثنائی - نام کتاب دیوان ثنائی ہونا چاہیے اور فن کے کالم میں دیوان نہ کہ قصاید۔

(۸۵) صفحہ ۷۳ - کتاب نمبر ۳۵۱۵، نام کتاب کلیات جامی - یہ ایک ضخیم کلیات ہے مگر غزلیات کے مقطع میں جامی کا تخلص نہیں پایا جاتا۔ شاعر کا تخلص جامی نہیں بلکہ تم ہے۔ یہ شاعر اتنا مشہور نہیں اور نہ اس کا نام متداول تذکروں میں اس کا

سراغ ملتا ہے صرف صحف ابراہیم کے ذریعہ پتہ چلا کہ یہ محمد علی حجم ہندی کا دیوان ہے ۔ علی ابراہیم خان نے جو دو شعر تذکرے میں نقل کیے ہیں وہ اس دیوان میں موجود ہیں ۔ فارسی دیوان کا موجودہ نسخہ کمیاب ہے۔ فہرست نگار نے نہ جانے اس دیوان کو جامی سے کیسے منسوب کر دیا۔ جامی کی ساری تخلیقات مشہور و معروف ہیں۔

(۸۶) صفحہ ۷۶ ۔ کتاب نمبر ۳۹۳۸ ، نام کتاب مرثیۂ ملا محتشم ۔ اس کتاب کے اوراق فہرست میں ۶۸ بتائے گئے ہیں ۔ یہ ۱۶۸ ہونا چاہیے۔

(۸۷) صفحہ ۷۶ ۔ کتاب نمبر ۲۷۲۰ ، نام کتاب نل دمن ۔ کیفیت کے کالم میں یہ عبارت اضافہ کیجیے : یہ نسخہ کسی مطبوعہ نسخہ کی نقل ہے۔

(۸۸) صفحہ ۷۹ ۔ کتاب نمبر ۲۵۲۷/۲ ، نام کتاب قصاید ثنائی ۔ یہ صرف قصاید نہیں، بلکہ دیوان ثنائی ہے۔ فن کے کالم میں دیوان ہونا چاہیے نہ کہ قصاید۔

(۸۹) صفحہ ۷۹ ۔ کتاب نمبر ۲۵۸۴/۲ ، نام کتاب دیوان مغربی ۔ یہ دیوان مغربی کا نہیں بلکہ ایک غیر معروف شاعر داعی کا ہے۔ اس کتاب کا نام کلام داعی ہونا چاہیے۔ یہ نسخہ ناقص الطرفین ہے۔

(۹۰) صفحہ ۸۰ ۔ کتاب نمبر ۳۸۳۴ ، نام کتاب پند مادرت ، کیفیت کے کالم میں یہ عبارت اضافہ کیجیے : "در ترقیمہ نام مصنف فیضی فیاضی نوشتہ ۔ این اطلاع غلط است"

(۹۱) صفحہ ۸۰ ۔ کتاب نمبر ۳۶۸۰/۱ اس نمبر پر جو کتاب کا نام مندرج ہے وہ یہ ہے: (۱) بارہ ماسا (۲) رسالہ نظم اردو۔ دونوں اندراجات غلط ہیں۔ پہلی کتاب مولانا روم کی ایک حکایت ہے اور دوسری کتاب بارہ ماسا بزبان اردو ہے۔

(۹۲) صفحہ ۸۱ ۔ کتاب نمبر ۲۴۰۰ ، نام کتاب جنگ نامہ ، اس کتاب کو نعمت خاں عالی کے نام سے منسوب کیا ہے۔ اور اس کو مثنوی سمجھ کر منظومات میں شامل کر کے فن مثنوی میں داخل کیا گیا ہے۔ حالانکہ یہ نثر کی کتاب ہے۔ منظومات کی فہرست میں اس کی شمولیت غلط ہے۔

(۹۳) صفحہ ۸۳ ۔ کتاب نمبر ۳۴۷۳ ، نام کتاب دیوان بے خبر ۔ فہرست میں کاتب کا نام ظاہر نہیں کیا گیا۔ کتاب کے مہر پر کاتب کا نام اسد اللہ مرقوم ہے۔ دیوان بھی اسی خط میں ہے اس لئے کاتب اسد اللہ ہی ہے۔

(۹۴) صفحہ ۸۴ - کتاب نمبر ۲۹۴۲ - نام کتاب دیوان خالص - فہرست میں شاعر کا نام نواب سید حسن خاں لکھا ہے - صحیح نام سید حسین خاں، مخاطب بہ امتیاز خاں ہے، تخلص خالص -

(۹۵) صفحہ ۸۵ - کتاب نمبر ۲۴۱۵، نام کتاب دیوان شوکت - فہرست میں اس کتاب کے اوراق ۱۸ (اور سطور ۱۲) بتائے ہیں - مگر حقیقت میں اوراق ۸۸ (اور سطور ۱۳) ہیں - نیز اس جلد میں دیوان ناصر علی سرہندی بھی شامل ہے - اس کا کوئی تذکرہ نہیں - کیفیت کے خانے میں اس کی وضاحت ہونی چاہیے تھی -

(۹۶) صفحہ ۸۶ - کتاب نمبر ۲۴۳۲، نام کتاب دیوان صائب، کیفیت کے کالم میں ناقص الآخر بڑھایئے -

(۹۷) صفحہ ۸۷ - کتاب نمبر ۲۳۸۹، نام کتاب دیوان ظہوری - فہرست میں کاتب کا نام ملا یاران ولد عبدالقادر لکھا ہے - کتاب میں کاتب کا نام نہیں ملتا -

(۹۸) صفحہ ۹۰ - کتاب نمبر ۳۵۱۸، نام کتاب دیوان علی - یہ دیوان علی نہیں بلکہ دیوان جیلی ہے - کاتب کا نام علی لکھا ہے حالانکہ کتاب میں اس کا کہیں ذکر نہیں - اس کا اصل نام "سلوجیاں صاحب" ہے - سنہ کتابت ۲۱۱۲ھ بتایا ہے حالانکہ اس تاریخ کے لئے سات سو سال کا انتظار کرنا ہوگا - صحیح سال کتابت ۱۲۱۲ھ ہے - کاتب نے اس عدد کو ۲۰۱۲ھ لکھا ہے - بیچ میں نقطہ سنہ مذکور کے نون کا ہے - کیفیت کے کالم میں لکھا ہے کہ "خیلے کرم خوردہ وخستہ" یہ نسخہ کرم خوردہ اور خستہ حال نہیں -

(۹۹) صفحہ ۹۱ - کتاب نمبر ۲۶۲۹، نام کتاب دیوان واثق - کاتب کا نام فہرست میں نہیں لکھا گیا - اس کا نام مرزا غلام نادر ہے - کیفیت کے کالم میں اضافہ کیجئے: "دو مہریں خود کاتب کے نام کی اول و آخر میں ہیں"

(۱۰۰) صفحہ ۹۱ - کتاب نمبر ۲۵۱۶ - نام کتاب دیوان نظری - فہرست میں کتاب کا نمبر غلط درج ہو گیا ہے - اس کا نمبر ۲۵۶۱ ہے - کاتب کا نام بھی فہرست میں درج نہیں ہوا ہے - اس کا نام سید رحم علی لکھنوی ہے -

(۱۰۱) صفحہ ۹۱ - کتاب نمبر ۲۸۱۹ - نام کتاب دیوان ولی - مصنف کا پورا نام فہرست میں نہیں - اس کا پورا نام ولی دشت بیاضی ہے - دیوان کا ایک نسخہ نمبر ۶۳۹ اس کتب خانہ میں موجود ہے - اس کی تصریح کیفیت کے خانہ میں ہونی چاہیئے تھی -

یہ بڑا ناقص نسخہ ہے - اکثر اوراق کے حروف غیر واضح ہو گئے ہیں - کیفیت کے خانہ میں

ان باتوں کی وضاحت ہونی چاہیے تھی۔

(۱۰۲) صفحہ ۹۲ - کتاب نمبر ۳۵۰۰ - نام کتاب دیوان یحیی کاشی - فہرست میں سطور کی تعداد ۱۰ بتائی گئی ہے، حالانکہ اس میں ۱۴ سطور ہیں۔

(۱۰۳) صفحہ ۹۳ - کتاب نمبر ۳۵۱۷، نام کتاب مثنوی سحر بیان مسمیٰ بہ شورش عشق - سحر بیاں، اس مثنوی کا نام نہیں یہ محض صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ اس کا نام صرف 'شورش عشق' ہے۔

(۱۰۴) صفحہ ۹۳ - کتاب نمبر ۳۵۷۲ - نام کتاب فتوح الحرمین (مصور) - فہرست میں مصنف کا نام محمد یوسف ابن محمد اشرف واسطی بلگرامی لکھا ہے۔ حالانکہ یہ مشہور کتاب محی لاری کی تصنیف ہے اور اس کے کئی نسخے خود اسی کتب خانے میں موجود ہیں۔ محمد یوسف مذکور اس کتاب کے مصنف نہیں، بلکہ کاتب ہیں اور مالک بھی۔ ان کی مہر بھی کتاب میں ثبت ہے۔

(۱۰۵) صفحہ ۹۲ - کتاب نمبر ۳۵۴۲، نام کتاب رازونیاز۔ دراصل یہ مثنوی میر سید عبد بلگرامی کی ہے اور اس کا صحیح نام 'نازونیاز' ہے۔ رازونیاز فہرست میں غلط درج ہے۔ اس کتب خانے میں اس کا ایک نسخہ اور بھی ہے اور اسی فہرست کے ص ۹۹ پر اس کی نشاندہی ہے۔

(۱۰۶) صفحہ ۹۴ - کتاب نمبر ۷۴۴۲، نام کتاب 'کلیات طالب آملی' - فہرست کے کیفیت کے کالم میں یہ اطلاع دی گئی ہے کہ اس پر شاہ عالم بادشاہ غازی کی مہر ہے۔ حالانکہ یہ مہر اس کی نہیں بلکہ اس کے ایک کسی امیر ابوالخیر خاں کی ہے جو اپنے کو خانہ زاد شاہ عالم بادشاہ غازی کہتا ہے۔ مہر کی عبارت یوں ہے: "ابوالخیر خاں خانہ زاد شاہ عالم بادشاہ غازی ۱۱۱۹ھ" یہی مہر کلیات کے دوسرے ورق پر بھی ثبت ہے۔ اس کے علاوہ دو اور مہریں بھی ہیں جو صاف پڑھی نہیں جاتیں۔

(۱۰۷) صفحہ ۹۴ - کتاب نمبر ۳۲۱۷ - نام کتاب قصیدہ لامیہ - فہرست نگار نے اس کو قصیدہ سمجھا۔ حالانکہ یہ قصیدۂ لامیہ کی شرح ہے جو نثر میں ہے۔ اس جلد میں حزیں کی اور بھی نثری تصانیف ہیں۔ ان کو منظومات میں داخل نہیں ہونا چاہیے۔

(۱۰۸) صفحہ ۹۴ - کتاب نمبر ۳۴۸۵، نام کتاب 'قصاید نظیری' - دراصل یہ کتاب بیاض کی نوعیت رکھتی ہے۔ اس میں ایک قصیدہ بھی نظیری کا نہیں پایا جاتا بلکہ اس کے صرف منفرد اشعار ہیں اور صرف اس کے نہیں بلکہ زلالی، غنی، مہاراجہ بہادر عاشق، سلمان ساوجی وغیرہ کے اشعار ہیں۔ ان کے علاوہ سید صاحب عالم مارہروی کے ایک خط کی نقل ہے جو انھوں نے مارہرہ سے ۱۲۳۹ھ میں لکھا تھا۔ اس کو فہرست نگار نے

غلطی سے پوری کتاب کا سنہ کتابت سمجھا۔ ایک رقعہ انور علی یاس کا غیر منقوطہ ہے جو انھوں نے افتخار علی صاحب کو لکھا تھا، جس کو فہرست نگار نے کتاب کا کاتب سمجھا۔ کاتب کا نام اور سنہ کتابت دونوں کالعدم سمجھیے۔

(١٠٩) صفحہ ۹۵۔ کتاب نمبر ۲۴۵۱۔ نام کتاب 'کلیاتِ غالب' فہرست میں مذکور ہے کہ "یہ کتاب عطیہ صلاح الدین خدا بخش ہے" حالانکہ کتاب پر مرقوم ہے کہ "یہ عطیہ سید ضمیر الدین احمد ہے" شاید صلاح الدین کو ان سے پہنچی ہو اور لائبریری کو صلاح الدین سے۔

(١١٠) صفحہ ۹۵۔ کتاب نمبر ۳۸۵۱، نام کتاب 'کلیات حزیں'، فہرست نگار نے اس کتاب کے مشمولات حسب ذیل بتائے ہیں: (١) صفیر دل (٢) قصاید (٣) رباعیات (۴) غزلیات۔ حالانکہ ابتدا میں قصاید و قطعات ہیں؛ اس کے بعد غزلیات پھر رباعیات اور آخر میں مفردات۔ صفیر دل حزیں کی ایک الگ مثنوی ہے جو اس کلیات میں شامل نہیں۔ کاتب کا نام سید محمد اصلح تو ٹھیک لکھا ہے لیکن اس کلیات میں جو رباعیات کا حصہ ہے اس کے کاتب کا نام نند کشور لکھا ہے۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ پورے کلیات کا طرز کتابت یکساں ہے۔ بادی النظر میں دونوں کاتبوں کے طرز تحریر میں کوئی فرق نظر نہیں آتا۔ ممکن ہو کہ دونوں ایک ہی استاد کے شاگرد ہوں۔

(١١١) صفحہ ۹۵۔ کتاب نمبر ۳۹۰۱، نام کتاب 'کلیات بیدل' یہ بیدل کا 'کلیات' نہیں بلکہ صرف دیوان ہے۔

(١١٢) صفحہ ۹۶۔ کتاب نمبر ۳۵۵۸۔ نام کتاب 'کلیاتِ قاہر'۔ فہرست نگار نے شاعر کا نام کے ساتھ خاں کا اضافہ کردیا ہے، جو غلط ہے۔ خان شاعر کے نام کا جز نہیں بلکہ اس کا تعلق اسی کلیات کے ہبہ کرنے والے یعنی خاں صاحب .... نور الحسن سے ہے۔

(١١٣) صفحہ ۹۶۔ کتاب نمبر ۳۸۸۳۔ نام کتاب 'کنز تواریخ'، مصنف کے کالم میں مصنف کے نام کے بعد لفظ "عظیم آبادی" اضافہ کیجیے۔ (فہرست نگار نے نام 'کنز التواریخ' لکھا ہے، صحیح 'کنز تواریخ')

(١١٤) صفحہ ۹۷۔ کتاب نمبر ۲۴۳۵، نام کتاب 'مثنوی حزیں' فہرست میں کاتب کا نام جمال الدین ابو المعالی درج ہے۔ حالانکہ یہ مصنف کا خود نوشتہ ہے۔ حزیں نے اپنا نام اسی طرح جمال الدین ابو المعالی لکھا ہے۔ فہرست کے اندراج سے شبہ ہو سکتا ہے کہ حزیں کے علاوہ یہ کوئی دوسری شخصیت ہے۔ کیفیت کے خانے میں یہ اطلاع ہے کہ اس کا ایک نسخہ ۶۲۸ھ بھی موجود ہے۔ ۶۲۸ کو ۶۶۸ پڑھا جائے۔

(١١٥) صفحہ ۹۷۔ کتاب نمبر ۲۴۴۹، نام کتاب 'مثنویات فاخر' فہرست نگار نے اس کو مثنویات سمجھا ہے۔ حالانکہ یہ صرف ایک مثنوی ہے جو معجزات حضرت علی اور آئمہ اطہار پر مشتمل ہے۔ یہ رمز علی ہے اس کی نشاندہی بھی

کرنا چاہیے تھی۔ کتابت کا اندازہ ۱۲ویں صدی کا بتایا ہے۔ شاعر کا انتقال ۱۲۴۱ھ میں ہوا ہے۔ قیاس ہے کہ اس کی کتابت ۱۳ویں صدی کی ہوگی۔ فہرست نگار نے کیفیت کے خانے میں اطلاع دی ہے کہ اس مثنوی کا دوسرا نسخہ م ۵۹۶ اس کتب خانے میں موجود ہے' یہ بیان صحیح نہیں م ۵۹۶ مثنوی نہیں بلکہ دیوان فاخر ہے۔

(۱۱۶) صفحہ ۹۷ کتاب نمبر ۳۲۹۹، نام کتاب مثنویات و رباعیات و قطعات۔ اس کا نام کلیات ہونا چاہیے۔ فن کے خانے میں اس کو ایضاً (= مثنوی) ظاہر کیا گیا ہے جو غلط ہے۔

(۱۱۷) صفحہ ۹۷۔ کتاب نمبر ۲۴۷۶، نام کتاب مثنوی بلگرامی۔ اس مثنوی کا موضوع جشن کتخدائی فرخ سیر و دختر اجیت سنگھ راٹھور ہے۔ اس کی نشاندہی کرنا تھی۔ کاتب کا نام فہرست نگار نے محمد کریم بتایا ہے۔ حالانکہ یہ کتاب محمد کریم کی فرمائش سے مکتوب ہوئی ہے اور اس کا کاتب رام دھن نامی ایک دوسرا شخص ہے۔

(۱۱۸) صفحہ ۹۷۔ کتاب نمبر ۲۴۷۹، نام کتاب لیلیٰ مجنوں، فہرست میں سنہ کتابت ۱۲۱۵ھ درج ہے۔ لیکن یہ سنہ کتاب مذکور پر کہیں درج نہیں۔

(۱۱۹) صفحہ ۹۸۔ کتاب نمبر ۲۴۸۸، نام کتاب' محمود و ایاز'۔ اس کتاب کے علاوہ مثنویات طغرا بھی اسی کتاب میں شامل ہیں کیفیت میں اس کی نشاندہی ہونی چاہیے تھی۔

(۱۲۰) صفحہ ۹۹۔ کتاب نمبر ۲۸۲۱، نام کتاب' مثنوی ناصر'، فہرست میں کتابت کے کالم میں ۱۱۱۱ھ درج کیا ہے۔ یہ غلط ہے۔ موجود اطلاع یہ ہے کہ کسی نے ۱۱۵۵ھ میں اس کتاب کو خرید کیا تھا۔

(۱۲۱) صفحہ ۹۹۔ کتاب نمبر ۲۸۰۶۔ نام کتاب' مطلع الانوار' کیفیت کے خانے میں یہ عبارت ہے: "مشتمل بر چند قصاید"۔ لفظ' چند' کو حذف کیجیے۔ اس میں صرف ایک قصیدہ ہے۔

(۱۲۲) صفحہ ۹۹۔ کتاب نمبر ۱۱۵۴، نام کتاب' منتخب جلال اسیر'۔ اس کتاب کے ساتھ دیوان فطرت بھی شامل ہے۔

(۱۲۳) صفحہ ۱۰۱ کتاب نمبر ۳۲۸۵/۱، نام کتاب' مثنوی ناصر' فہرست میں صفحات اور سطور کا اندراج غلط ہے۔ اوراق ۲۶ کی جگہ ۴۶ صحیح اور سطور ۱۵ کی جگہ ۱۹ صحیح۔ تاریخ کتابت ۱۱۳۴ھ غلط ہے۔ کتابت سنہ ۸ جلوس محمد شاہ کی ہے۔ جس کی مطابقت ۱۱۳۸ھ سے ہوتی ہے۔ فن کے کالم میں ایضاً لکھا ہے جس سے دیوان سمجھا جا سکتا ہے حالانکہ یہ مثنوی ہے۔

(۱۲۴) صفحہ ۱۰۱۔ کتاب نمبر ۳۲۱۷/۲، نام کتاب رسالۂ تخمیس بیدل، کیفیت کے خانے میں درج ہے: "در فارسی و اردوئے قدیم" جس سے اشتباہ ہو سکتا ہے کہ بیدل کا اردو کلام ہے۔ حالانکہ یہ اطلاع

غلط ہے۔ اسی جلد میں ایک رسالہ نثر کا میر عظمت اللہ بےخبر کا ہے جس کا نام "غبار خاطر" ہے۔ اس کے بعد رگھوناتھ بنارسی کے کچھ ہندی اشعار درج ہیں جن کا بیدل سے کوئی تعلق نہیں۔

(۱۴۵) صفحہ ۱۰۱۔ کتاب نمبر ۳۰۳۸، نام کتاب دیوان منشا۔ یہ دراصل دیوان نہیں، بلکہ کلیات ہے جس میں نظم و نثر، قطعات تاریخ و دیگر منظومات کے ساتھ غزلیات بھی مندرج ہیں۔ فہرست میں تعداد اوراق صرف ۴۶ بتائی ہے حالانکہ اوراق کی تعداد ۱۱۶ ہے۔ سنہ کتابت کے کالم میں کتابت کا سال ۱۲۰۳ فصلی دیا ہے، ترقیمہ میں ۱۲۰۳ صاف طور پر پڑھا نہیں جاتا۔ یہ سنہ اس لئے غلط ہے کہ منشا کی وفات ۱۲۵۵ھ میں واقع ہوئی اور ان کی عمر وفات کے وقت صرف ۴۰ سال کی تھی، اس لئے ان کی پیدائش ۱۲۱۵ فصلی قرار پاتی ہے (جو مطابق ۱۲۰۵ھ کے ہے) اس لیے صرف دو سال کی عمر میں دیوان کا مرتب ہو جانا حیرت ناک ہے۔

●●

محمد عتیق الرحمٰن

تصحیح واضافہ

مفتاح الکنوز: کتابخانہ خدابخش کی عربی فہرست

تاریخ کتابت کے مسامحات

عربی زبان کے مندرجہ ذیل قلمی نسخے ایسے ہیں جن کا سنہ کتابت عربی ہینڈ لسٹ "مفتاح الکنوز" (ج ۱، ۲) میں غلط دے دیا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل سطور میں اصل نسخے دیکھ کر صحیح سنہ کتابت تحریر کئے گئے ہیں اور غلط سنہ کتابت کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔

کتاب الانوار، ہینڈ لسٹ نمبر ۷۹۲: اس کا سنہ کتابت ۸۷۶ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۷۷۶ھ کا اندراج پایا جاتا ہے۔

شرح قواعد الاحکام، ہینڈ لسٹ نمبر ۹۲۱: سنہ کتابت ۹۳۴ھ درج ہے۔ حالانکہ یہ سنہ مقابلہ ہے۔ کتابت کی کوئی تاریخ درج نہیں۔ گو یہ آس پاس ہی کی معلوم ہوتی ہے۔

فتح القدیر، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۰۱۲: سنہ کتابت ۸۷۸ھ درج ہے۔ جبکہ یہ سنہ مقابلہ ہے۔ کتابت اس سے چند سال قبل کی معلوم ہوتی ہے۔

فتح القدیر، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۰۱۴: سنہ کتابت ۸۵۷ھ درج ہے، جبکہ اصل نسخہ میں یہ سن مقابلہ ہے۔ کتابت نویں صدی ہجری کی کہی جا سکتی ہے۔ (یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس کا مقابلہ اصل نسخہ سے مصنف کی زندگی میں مدینہ منورہ میں ہوا، جیسا کہ درج ذیل عبارت سے واضح ہوتا ہے: بلغ مقابلة صحيحة على نسخة المصنّف ابقاه الله حيوته في مدينة رسول الله صلّى الله عليه وسلّم يوم الاربعاء رابع شهر رجب المرجب سنة سبع وخمسين وثمان مائة)

ملتقی الابحر، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۰۷۴: سنہ کتابت ۹۲۶ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۹۲۳ھ لکھا ہے۔

ملتقی البحار، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۰۷۷: " ۸۳۸ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۸۳۵ھ لکھا ہے۔

مواہب الرحمن، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۰۸۷: " ۹۶۹ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۹۶۸ھ لکھا ہے۔

الفقہ الاکبر، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۲۴۲: " ۸۰۶ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۸۲۶ھ لکھا ہے۔

مطالع الانظار، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۲۶۰: " ۹۷۵ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۹۰۵ھ لکھا ہے۔

فتوحات مکیہ، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۳۵۷: " ۹۹۳ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۹۹۶ھ لکھا ہے۔

الحاشیہ علی المطول، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۶۴۱ : سنہ کتابت ۹۶۳ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۹۹۲ لکھا ہے۔

الحلیہ، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۶۸۷ : سنہ کتابت ۷۹۷ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۷۷۷ھ ہے۔

الصحاح، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۶۹۵ : " ۶۳۲ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۶۳۳ھ ہے۔

کتاب الصفات والحلی، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۷۰۴ : سنہ کتابت ۸۴۴ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۸۴۱ھ ہے۔

دیوان المتنبی، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۷۷۶ : سنہ کتابت ۹۴۳ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۱۰۳۱ھ ہے۔

الکواکب الدریہ، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۸۳۰ : سنہ کتابت آٹھویں صدی لکھا ہے۔ اصل نسخہ میں ۹۲۱ھ ہے۔

الحاشیہ علی حاشیہ میر زاہد، ہینڈ لسٹ نمبر ۱۹۵۱ : سنہ کتابت ۱۲۵۱ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں سنہ کتابت کہیں نہیں ملتا۔ ۱۳ویں صدی کی کتابت کہی جا سکتی ہے۔

رسالہ فی الشعاعات، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۰۴۸ : سنہ کتابت ۹۷۰ھ درج ہے۔ اصل نسخہ میں ۸۹۰ ہے۔

مفتاح الجفر، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۰۸۲ : سنہ کتابت ۸۳۲ھ لکھا ہے۔ اصل نسخہ میں اس کا کوئی سنہ کتابت درج نہیں۔ اس کے شروع صفحہ پر مندرجہ ذیل تحریر ملتی ہے : اهدا ۱۵ الی السلطان الملک المؤید الشیخ محمود وذلک فی سنۃ ۸۲۳ من الھجرۃ کیٹلاگر نے غلطی سے اس کو سنہ کتابت سمجھ لیا اور پھر اس کا ہینڈ لسٹ میں اندراج کر دیا جبکہ یہ سنہ کتابت نہیں، بلکہ جس سال یہ نسخہ سلطان محمود کی خدمت میں پیش کیا گیا اس کا یہ سال ہے۔ تخمینی سال کتابت ۹ویں صدی ممکن ہے۔

تذکرۃ الکحالین، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۰۹۱ : سنہ کتابت ۵۲۵ھ لکھا ہے۔ جبکہ اصل نسخہ میں ۵۵۵ھ درج ہے۔

منہج السالک، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۰۹۹ : سنہ کتابت ۹۸۳ھ درج ہے، جبکہ اصل نسخہ میں ۷۸۳ھ ملتا ہے۔

حلیۃ الواصلین، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۱۰۴ : سنہ کتابت ۷۷۳ھ درج ہے، جبکہ اصل نسخہ میں کہیں سنہ کتابت درج نہیں۔ سنہ کتابت ۱۲ویں صدی لکھا جا سکتا ہے۔

کتاب الاغذیہ، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۱۴۴ : سنہ کتابت ۹۱۴ھ درج ہے، جو غلط ہے۔ شروع صفحہ پر مندرجہ ذیل تحریر ملتی ہے : استعادۃ من الزمان الفقیر الی ربہ لمحمد عبد الرحمن بن علی بن المؤید عفی عنہم بنہار الجمعۃ الثامن من ربیع الاول سنۃ اربع عشرۃ وتسعمائۃ ہجریہ بمحروسۃ قسطنطنیہ۔ معلوم ہوتا ہے کہ کیٹلاگر نے غلطی سے اس تحریر کے سنہ (۹۱۴) کو سنہ کتابت سمجھ لیا۔ جبکہ یہ مالک کتاب کی ملکیت کا سن ہے۔ سنہ کتابت آٹھویں صدی لکھا جا سکتا ہے۔

نہایۃ الارب من ذکر ولاۃ حلب، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۳۳۷ : سنہ کتابت ۱۰۲۹ھ درج ہے۔ جبکہ اصل نسخہ میں کہیں سنہ کتابت درج نہیں۔ ۱۱ویں صدی کی کتابت قرار دی جاسکتی ہے۔

تاریخ سلاطین آل عثمان، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۳۴۱ : سنہ کتابت ۹۲۷ھ درج ہے، جبکہ اصل نسخہ میں کہیں سنہ کتابت درج نہیں۔ اس کی ۱۱ویں صدی کی کتابت ہوسکتی ہے۔

نہایۃ الکمال، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۴۱۶ : سنہ کتابت ۷۱۸ھ درج ہے جبکہ اصل نسخہ میں کہیں سنہ کتابت نہیں ملتا۔ یہ آٹھویں صدی کا نسخہ ہوسکتا ہے۔

رسالہ فی معرفۃ اخراج القبلہ، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۵۲۰/۱۱ : اس کی کتابت ۹ویں صدی لکھا ہے۔ جبکہ اصل نسخہ میں سنہ کتابت درج ہے اور وہ ۸۷۶ھ ہے۔

کتاب البرہان فی علم المیزان، ہینڈ لسٹ نمبر ۲۸۲۳ : سنہ کتابت ۹۴۰ھ درج ہے جبکہ اصل نسخہ میں ۹۴۸ھ ملتا ہے۔

الصحیفۃ الکاملہ، ہینڈ لسٹ نمبر ۳۴۶۶ : سنہ کتابت ۹۱۸ھ لکھا گیا ہے، جبکہ اصل نسخہ میں ۱۰۱۱ھ ہے۔

●●

خدا بخش لائبریری کی مطبوعات

• خدا بخش لائبریری جرنل (سہ ماہی تحقیقی مجلّہ) ۱۹۷۷ء سے جاری: ابتک ۴۰ شمارے چھپ چکے ہیں۔ فی شمارہ ۱۵ روپے

• ڈسکرپٹو کیٹیلاگ (خدا بخش کے عربی، فارسی مخطوطات کی توضیحی فہرست انگریزی میں) شعر فارسی، تاریخ ہند، فقہ اسلامی، قرآنیات، حدیث، تذکرہ = ۱۲ جلدیں۔ فی جلد ۳۵ روپے

• خدا بخش مخطوطات کی مجمل فہرستیں (فارسی ۳ حصے؛ عربی ۳ حصے؛ اُردو ۱ حصہ) مجموعی قیمت: ۶۵ روپے

• شمس البیان فی مصطلحات الہندوستان (شاہ عالم کے عہد میں مرزا جان طپش دہلوی کی لکھی ہوئی محاورات اُردو کی لغت) ۱۰ روپے

• تصویر محبت (شمس الدین فقیر کی فارسی مثنوی جو میر کی 'شعلۂ عشق' کا ماخذ بنی) ۱۰ روپے

• بارھویں صدی کے شعرای فارسی کے معاصر تذکرے: ■ خان آرزو کا مجمع النفائس؛ ■ نقش علی کا باغ معانی ■ علی ابراہیم خلیل کا صحف ابراہیم۔ ہر ایک ۱۰ روپے

• خدا بخش خطبات: فارسی اور ہندوستان (نذیر احمد) • میری تنقید — ایک بازدید (کلیم الدین احمد) ہر ایک ۱۰ روپے • افکار رومی (عبدالسلام خاں مکتبۂ جامعہ) ۴ روپے

• خدا بخش خطبات (انگریزی میں): عہد نبوی کی تقویم کی تشکیل نو (ہاشم امیر علی) • صوفی لٹریچر عہد سلطنت میں (بروس لارنس) • صوفیہ کے مکتوبات وملفوظات: سماجی سیاسی تاریخ کا ایک اہم ماخذ (سید حسن عسکری) ہر ایک ۱۰ روپے • فارسی ادبیات میں ہندوستان کا حصہ، جدید تحقیقات کی روشنی میں (امیر حسن عابدی) • اسلام کی چودہ صدیاں پوری ہونے پر چند خیالات ہندو مسلم مسئلہ اور اسلام و عصر جدید کے بارے میں (بدرالدین طیب جی) ہر ایک دس روپے

• خدا بخش، صلاح الدین خدا بخش، سچدانند سنہا اور جادو ناتھ سرکار کے قلم سے۔ دس روپے

• خدا بخش لائبریری: ایک تعارف (اسکاٹ او کونر کے قلم سے) ۱۰ روپے

• تاریخہای پیدایش و وفات: (شمس العلما محمد سعید حسرت عظیم آبادی م ۱۳۰۴ھ کے قلم سے) ۱۰ روپے

• یو پی کانگریس کے پہلے اجلاس کا خطبۂ صدارت (موتی لال نہرو) دس روپے

• فرہنگ آصفیہ: ایک جائزہ (قاضی عبدالودود) دس روپے

• رسائل کے دفینوں سے اُردو ادب کی بازیافت: پہلی جلد ادیب (الٰہ آباد)؛ دوسری جلد العصر؛ تیسری جلد صبح امید؛ چوتھی جلد معیار ہر ایک ۴۵ روپے

• تدوین متن کے مسائل (خدا بخش سیمینار) ۱۵ روپے

PUBLICATIONS OF KHUDA BAKHSH LIBRARY, PATNA

1.	Khuda Bakhsh Library : An Introduction	by Scott O'Connor	Rs. 10/-
2.	Khuda Bakhsh (Biography)	by S. Khuda Bakhsh & Jadunath Sarkar	Rs. 10/-
3.	Contemporaries in Chronograms (Persian)	by Hasrat Azimabadi	Rs. 10/-
4.	My Criticism — A Retrospect (Urdu)	by Prof. Kalimuddin	Rs. 10/-
5.	Sufi Literature in the Sultanate Period	by Dr. Bruce Lawrence	Rs. 10/-
6.	Maktub & Malfuz Literature— As a Source of Socio-Political History	by Prof. S. H. Askari	Rs. 10/-
7.	Reconstruction of Islamic Chronology	by Dr. Hashim Amir Ali	Rs 10/-
8.	Persian Language and Literature in India	by Dr. Nazir Ahmad	Rs. 10/-
9.	Shamsul Bayan : An early Urdu Dictionary	by Mirza Jan Tapish	Rs. 10/-
10.	Bagh-i-Ma'ani : A Biographical Dictionary of 18th Century Persian Poets	by Naqsh Ali	Rs. 10/-
11.	Majma'un - Nafais : Biographical Dictionary of 18th Century Persian Poets	by Khan Arzu	Rs. 10/-
12.	Suhuf - i - Ibrahim : Biographical Dictionary of 18th Century Persian Poets	by Ali Ibrahim Khalil	Rs. 10/-
13.	Masnavi Tasweer-i-Mahabbat	by Shamsuddin Faqir	Rs. 10/-
14.	Presidential Address of the 1st Session of the U. P. Congress	by Pt. Motilal Nehru	Rs. 10/-
15.	Rich & Valuable Contribution of India to Persian Literature	by Dr. S. A. H. Abidi	Rs. 10/-
16.	Urdu Literature as selected from Old Periodicals Vol. I (Adeeb, Allahabad)	—	Rs. 45/-
17.	Urdu Literature Vol. II (Al - Asr, Lucknow)	—	Rs. 45/-
18.	Urdu Literature Vol. III (Subh - i -Ummid, Lucknow)	—	Rs. 45/-
19.	"Miyar" of Qazi Abdul Wadood, in 1936, (Urdu)	—	Rs. 45/-
20.	Catalogues of Arabic & Persian Manuscripts of Khuda Bakhsh O. P. Library. Vols. 1-3, 7, 8, 19, 29-34	Rs. 35/- (Each)	
	3+3 Vols		Rs. 60/-
21	Hand List of Persian Arabic Manuscripts		Rs. 10/-

overlooked. I hope I am wrong in thinking that they are being relegated well into the background. The general assumption seems to be that if those who call themselves Muslims had more jobs in the Services, more seats in Parliament, more say in the public and private enterprises, business houses, etc., all would be well with Islam in this country; it would become a vital factor once more in shaping its destiny.

It is quite evident that, if this were to happen, the individual lot of many such deprived and neglected persons would improve out of all recognition. But would this **ipso facto** be a contribution of Islam to the civilising, humanising and spiritual enlightment of India ? One may be forgiven for doubting it. Would all these new "Muslim" office-bearers and business-men bring into the affairs of this country, its administration, rule of law, probity and general standard of efficiency any element that could be considered as a direct consequence of their being Muslims ? — of trying their best to follow in the footsteps of the Prophet ?

Surely, this would only happen, if the persons concerned were, in their public and private life, as determined in demonstrating in practice the spiritual and moral aspects of their religion as they were concerned in acquiring the material benefits that they sought from it.

These are the kinds of "Prospects and Problems" of Islam in the next century that come to my mind. To bolster up our courage for facing them, I shall end with quoting a saying of the Prophet. It has brought me personally much solace :

"Verily, we are in an age in which if we abandon one-tenth of what is ordered we shall be ruined. After this a time will come when he who will observe one-tenth of what is now ordered will be redeemed."

Is the beginning of the 15th century of Hijri the time that the Prophet was thinking of ?

———

of this fertilisation, had as much of the new Islamic spirit and contents in them as the formal Islamic teachings and principles had those of the messages and teachings of the earlier prophets and divines. How could it have been otherwise ? Had not the Prophet himself declared that he was bringing no new message; only the old one in its true form !

Due to a loss of self-confidence, particularly in the last few centuries, and especially in India with the loss of temporal dominion, Muslims have become almost pathologically anxious to demonstrate their "separateness" from the rest of mankind. They progressively tend to emphasize their differences from them instead of trying to do, what they so brilliantly did in their heyday, to bring out the "commonality" in human beings, their common ends, and to bridge the different paths by which they seek to reach them. This reversal of attitude and, even more, the mentality that inspires it, seems to me to go contrary to the spirit of Islam, its traditions, and above all the glorious example set by the Propeet by his life and pragmatic day-to-day conduct. In that the importance of judging each action by the nature of the intention (*niyat*) behind it, has been so often stressed and given so much significance, that to continue to judge acts only on the basis of their conformity to tradition, for even the letter of laws formulated centuries after the Prophet, seems to me un-Islamic in spirit. To me, therefore, the lack of initiative shown, the fear-complex manifested, and the abject withdrawal into their shells with all windows and doors barred, by Indian Muslims, whenever any question of taking joint action with their fellow non-Muslim compatriots on matters concerning social reforms is raised, as for instance for framing a Common Civil Code, it is a source of deep disappointment.

It seems to me that in India most of the eagerness, self-introspection, organisational effort and community-concern that is now being manifested by Muslims in the future of Islam as a catalytic element in Indian civilisation, seems to be almost wholly focussed on efforts to better their own economic, political and temporal-power position. In brief, it is towards the material aspects of Islam as a way of life and conduct that their eyes and energy are turned. The spiritual qualities required to make a man a good Muslim are

yard-stick for assessing the position of Islam or its problems and prospects in this country or anywhere else. The latter encompass a much, much wider field — that of humanity as a whole. How has Islam affected it in the last 1400 years ? How is it likely to affect it in the coming centuries ?

I have an uncomfortable feeling that in our absorbtion with ourselves as Muslims, in our desire to make ourselves out as the "chosen" people in contravention to the Prophet's warning and injunctions against the indulgence of any such conceit or complex, we have tended to ignore the enormous contribution that Islam has made to the way of life, thinking and praying, of mankind as a whole, merely because it has not been made directly by Muslims as such. It has been made through the agency of non-Muslims who have appreciated Islam — its values, its principles, way of thinking, and attitude towards God and other fellow human beings. Islam's influence on all these aspects of human activity, feelings and understanding of man and God, has been profound. Soon after it burst on the world in a remote desert, it fanned out from there and flamed over a good part of the then known world. Its physical confrontation and conflicts with rival forces and ideologies metamorphosed the political, ethical and intellectual climate of the times and of those regimes, in particular. The so-called "Dark Ages" prevailing there ultimately blossomed forth into the Renaissance. A new age of enquiry, discovery, speculation and experiment began. Literature, law, science and even religion were revitalised, rehabilitated, transformed and, sometimes, transfigured by a new infusion of energy, inspiration, and enthusiasm as a result of this encounter with Islam. Muslims and non-Muslims collaborated in this — an early example of joint ventures — Islamic forthrightness, clear-cut guidelines, gave a new sense of direction, of self-confidence, and helped to clear much of the doubt, mystification, confusion, and double-talk that had accumulated round the divine messages that had earlier been sent down from high through successive prophets and seers. It thus liberated the consciences and set free from shackles the minds and hearts of an infinitely larger number of persons than only those who formally chose to enrol themselves as Muslims The new laws, the new social order, the new sciences that germinated as a result

particular bent of mind and interests, or the school of theology to which they subscribed. Is it really possible – is it within the competence of man, to judge what the relative Islamic contents was in the lives of the people who lived under these regimes, let alone to split its impact into separate spiritual and material components ?

To come nearer home, is it really possible to judge whether the contribution of Islam to India was greater or lesser during the time of the Sultans of Delhi, compared to what it was in the different reigns of the Great Mughals, the Qutub Shahis, or Hyder Ali and Tipu Sultan ? In my personal opinion, Islam made its greatest impact in the material sense, as well as in the spritual sense of influencing the way of life and thought of its people as a whole, during the reign of Akbar. The Editor of a paper whose whole ostensible object is to champion Islam and propagate its principles and values has, however, recently dubbed Akbar as "that great misguided buffoon" I was struck not so much by his perspicacity, as by the particular expression used; it so pithily demonstrated the perfect harmony prevailing between his knowledge of Akbar's character and of English idiom. Unfortunately, it does not lead us any further in answering the questions that I have put before you. Those, I am afraid will have to be left for answer at our final reckoning with the Creator.

This, however, leads me on to an aspect of Islam that I think has been neglected. It deserves in my opinion to be specially emphasised in a country like ours, where the bulk of its citizens are non-Muslims. Earlier, I had referred to the significance of the Prophet's stress on linking Islam with the message preached by the prophets and divines who had preceded him. I should like now to associate this in, your minds, alongwith his insistence on the universality of Islam. It was to be a blessing for all mankind, not just for the comparative few (that was particularly so in his own life-time) who formally call themselves Muslims. Considered in this light, the ups and downs of Muslim — Kings and Princes, Ministers and MPs , Clerks & I A.S. Officers — though certainly of great interest and importance to other aspiring Muslims, in particular, is not and cannot be either a very reliable or even significant

